www.mashriqquetta.com.pk
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 15 رمضان 1447ھ 05 مارچ 2026ء صفحات 08 | شمارہ 241
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

آپریشن غضب للحق جاری، 481 طالبان وخوارج ہلاک بگرام ائیر بیس تباہ

226 چیک پوسٹس تباہ اور 35 کو قبضے میں لے لیا گیا 198 ٹینک، اسلحہ بردار گاڑیاں اور آرٹلری گنز تباہ کر دیں

56 مقامات کو موثر طور پر نشانہ بنایا گیا، عطا تارڑ، بگرام ایئربیس میں ایئر کرافٹ ہینگر اور دو وییر ہاؤسز تباہ ہوئے، نیویارک ٹائمز

پاک فوج نے قلعہ سیف اللہ سمیت چمن، سمبازہ، گھڈوانہ، جانی اور غزنالی سیکٹر پر دشمن کیخلاف موثر کارروائیاں کیں

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے افغان طالبان کے خلاف جاری آپریشن غضب للحق کی تفصیلات جاری کردیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات کے مطابق پاکستان کی جوابی کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے 481 کارندے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی قونصلیٹ کے غیرضروری عملے کو پاکستان چھوڑنے کا حکم

ہدایات غیر ہنگامی عملے کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جاری کی گئی ہیں، امریکہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) امریکا نے لاہور اور کراچی قونصلیٹ کے غیر ضروری عملے کو پاکستان چھوڑنے کا حکم دے دیا۔ اعلامیے کے مطابق امریکی سفارتخانے کی جانب سے لاہور اور کراچی میں قائم امریکی قونصل خانوں کے غیرضروری عملے کو بھی پاکستان.......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے خلاف کراچی کی عدالت میں درخواست دائر

کراچی (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر کے خلاف کراچی کی ضلعی عدالت میں مقامی وکیل کی جانب سے درخواست دائر کی گئی ہے۔ ایک نجی ٹی وی کے........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان دہشتگردوں کی حمایت ترک کرے تو مذاکرات ہو سکتے ہیں، فیلڈ مارشل

افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال ناقابل قبول، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کا گٹھ جوڑ توڑ دیں گے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ وانا، اگلے مورچوں پر تعینات افسران اور جوانوں سے ملاقات، یادگار شہداء پر حاضری

شہداء کی عظیم قربانیاں پاکستان کی سلامتی اور استحکام کی بنیاد ہیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، سید عاصم منیر کی گفتگو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا کا اہم دورہ کیا، جہاں انہوں نے مغربی سرحد پر سیکیورٹی کی مجموعی صورتحال اور پاک فوج کی آپریشنل تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وانا پہنچنے پر کور کمانڈر پشاور نے........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: افغان طالبان کا ایک رکن ہلاک، تین گرفتار

پاک فوج کا افغان طالبان کی مسلح تشکیل کیخلاف کامیاب آپریشن

چمن (اصغر اچکزئی) آپریشن غضب للحق کے تحت افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف افواج پاکستان کی موثر کارروائیاں بدستور جاری ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ چمن سیکٹر میں پاک فوج نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر افغان........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

آئی اے ای اے نے چشمہ 5 کیلئے معاہدے کی منظوری دیدی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ملکی توانائی شعبے میں اہم سنگ میل عبور کرلیا گیا، آئی اے ای اے نے چشمہ 5 کیلئے حفاظتی اطلاق کے معاہدے کی منظوری دیدی ہے۔ ترجمان........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر یادگار شہداء پر پھول رکھنے کے بعد سلامی دے رہے ہیں

پاکستان امریکہ ایران جنگ نہیں چاہتا، تاہم اب بھی تصادم رکوانے کی کوشش کر رہے ہیں، وزیراعظم

تنازع کی شدت میں کمی لانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی، ایران وخلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی میں کمی پاکستان کی اولین ترجیح ہے

شہباز شریف کی زیر صدارت پارلیمانی جماعتوں کے رہنماؤں ونمائندوں کا ان کیمرہ اجلاس، پی ٹی آئی ارکان نے شرکت نہیں کی

اسلام آباد (شاکر رحمان) قومی اسمبلی اور سینیٹ میں مختلف پارلیمانی جماعتوں نے موجودہ حالات میں ملی اتحاد اور اتفاق ویکجہتی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے خطے میں امن کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا اور انہیں مزید تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سے پاکستانی طلبا وطالبات کی واپسی کا سلسلہ جاری

مزید 395 طالب علم تفتان امیگریشن گیٹ سے وطن پہنچ گئے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) ایران میں جاری کشیدگی کے باعث پاکستانی طلبہ وطالبات کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ تازہ اطلاعات........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پوست کی کاشت کرنیوالوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے، ایپکس کمیٹی

بلوچستان سے اب تک 7 لاکھ 21 ہزار جبکہ مجموعی طور پر صوبے کے راستے تقریباً 10 لاکھ افغان مہاجرین کو واپس بھجوایا جا چکا ہے

330 افراد کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کیے گئے ہیں، اجلاس میں وزیراعلیٰ کو بریفنگ، کمانڈر 12 کور بھی اجلاس میں شریک

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی اپیکس کمیٹی کا اکیسواں اجلاس بدھ کو یہاں منعقد ہوا، جس میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، انسداد دہشت گردی اقدامات، غیر قانونی غیرملکیوں کی واپسی، تعلیمی اصلاحات اور مالی جرائم کے خلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اعلیٰ سول وعسکری حکام نے شرکت کی۔ صوبائی اپیکس کمیٹی نے پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم اپیکس کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران کا ترکیہ پر بھی میزائل حملہ، آبنائے ہرمز پر کسی صورت پابندی قبول نہیں، ٹرمپ، آیت اللہ خامنہ ای کے ہر جانشین کو نشانہ بنائینگے، اسرائیل

امریکہ کی جنوبی ایرانی شہروں پر بمباری، 1000 سے زائد افراد شہید

ایران کا بڑا جنگی بحری جہاز سمندر میں ڈوب گیا

امریکی سب میرین نے بحر ہند میں ایرانی جنگی جہاز کو تارپیڈو حملے سے ڈبو دیا، امریکا ہمیشہ جیتنے کے لیے لڑتا ہے، دشمن کو دوبارہ حملے کے قابل ہونے سے پہلے ہی کچل دینگے، امریکی وزیر دفاع

جنگ سے بچنے کی بہت کوشش کی امریکا اور اسرائیل کے حملوں نے ایران کے پاس اپنے دفاع کے سوا کوئی چارہ نہیں چھوڑا، مسعود پزشکیان کا جنگی صورت حال پر ہمسایہ خلیجی ممالک کو خط

بحرین میں امریکی بحریہ کے ہیڈکوارٹرز اور فوجی اڈوں پر حملوں کے نتیجے میں مزید 160 فوجی ہلاک، آبنائے ہرمز سے کسی جہاز نے گزرنے کی کوشش کی تو راکھ میں بدل دیا جائے گا، پاسداران انقلاب

سفارتخانے پر حملے کی صورت میں ایران کا دنیا بھر میں اسرائیلی سفارت خانوں کو نشانہ بنانے کا اعلان، حملوں میں ایرانی دفاعی اور نگرانی نظام کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے، اسرائیلی فوج

واشنگٹن، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی سب میرین نے بحر ہند میں ایک ایرانی جنگی جہاز کو تارپیڈو حملے سے ڈبو دیا ہے۔ ان کے مطابق یہ کارروائی بدھ کو کی گئی اور دوسری عالمی جنگ کے بعد پہلی بار امریکا نے کسی دشمن کے جنگی جہاز کو اس طرح نشانہ بنایا ہے۔ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایرانی بحریہ اب خلیج فارس کی........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں

برینٹ خام تیل کی قیمت 83 ڈالرز فی بیرل کی سطح پر پہنچ گئی

ٹریڈنگ کے آغاز پر سونے کی قیمت میں بھی تقریباً 2 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 83 ڈالرز فی بیرل کی سطح پر پہنچ گئی۔ دوسری جانب ٹریڈنگ کے آغاز پر سونے کی قیمت میں بھی تقریباً 2 فیصد اضافہ ہوا ہے، سونے کی فی اونس قیمت 88 ڈالرز کے اضافے سے 5176 ڈالرز........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ ایران جنگ، چین کا ثالثی کیلئے نمائندہ خصوصی مشرق وسطیٰ بھیجنے کا اعلان

چینی وزیر خارجہ کی خطے کی تازہ ترین صورتحال پر سعودی عرب اور اماراتی وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

تنازعات میں شہریوں کے تحفظ کی سرخ لکیر کو عبور نہیں کیا جانا چاہیے نہ ہی غیر عسکری اہداف پر حملے کرنے چاہئیں

اختلافات پرامن طریقے سے حل کرنے کے سعودی موقف کو سراہتے ہیں، وانگ ای کی وزرائے خارجہ سے بات چیت

بیجنگ (م ڈ) چین نے ثالثی کیلئے اپنا نمائندہ خصوصی مشرق وسطیٰ بھیجنے کا اعلان کردیا۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے خطے کی تازہ ترین صورتحال پر سعودی عرب اور اماراتی........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر حملہ، فوجی اڈے نہ دینے پر ٹرمپ کی اسپین کو دھمکی

اپنے رکن ممالک کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں گے، یورپی یونین کا ردعمل

یورپی کونسل کے صدر کی ہسپانوی وزیراعظم کو فون کر کے مکمل تعاون کی یقین دہانی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اسپین کو تجارتی اور معاشی دھمکیوں پر یورپی یونین کا بڑا بیان سامنے آگیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا نے ہسپانوی وزیر اعظم پیڈرو سانچیز سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ہے۔ اس گفتگو سے متعلق انتونیو کوستا نے بتایا کہ ہسپانوی وزیراعظم پیڈرو سانچیز کو یورپی یونین کی مکمل حمایت کا یقین دلایا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یورپی یونین اپنے رکن ممالک کے مفادات کے مکمل تحفظ کو........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

نئے سپریم لیڈر کیلئے مجلس خبرگان کا مجتبیٰ حسینی کے نام پر اتفاق

مشہد میں پیدا ہوئے آیت اللہ علی خامنہ ای کے دوسرے بڑے بیٹے ہیں

تہران (م ڈ) امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ حملے میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کے بعد ان........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے قتل کی سازش کرنے والے شخص کو ہلاک کردیا، امریکہ

سیاسی قیادت کو لاحق خطرات کے خلاف فیصلہ کن اقدامات جاری رکھیں گے، وزیر دفاع

واشنگٹن (م ڈ) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قتل کرنے کی سازش میں ملوث ایران کی ایک اہم شخصیت کو ہلاک کر دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف ڈین کین کے ہمراہ پریس........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں خونریزی ہوگی تو خمیازہ افغانستان بھگتے گا، طارق چوہدری

خلیجی ریاستوں پر حملوں پر شدید تحفظات ہیں، ہم اس جنگ میں کسی کے حصہ دار نہیں بننا چاہتے

جب سے افغان طالبان رجیم آئی ہے پاکستان میں 8 ہزار سے زائد بے گناہ شہادتیں ہوئی ہیں

اسلام آباد، باجوڑ، بنوں میں دہشتگردی کی کڑی افغانستان سے ملتی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ شہادتوں کا خمیازہ........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف پارلیمانی جماعتوں کے ارکان کو مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بریفنگ دے رہے ہیں

علیمہ خانم کیخلاف مقدمہ کی سماعت 9 مارچ تک ملتوی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے علیمہ خان کیخلاف 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمہ کی........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں پیٹرول پمپس کا کوٹہ مقرر، قیمتوں میں بڑے اضافے کا خدشہ

تمام پمپس کو ان کی گزشتہ 6 ماہ کی اوسط فروخت کے حساب سے تیل فراہم کیا جا رہا ہے

عالمی قیمتیں بڑھنے کے باعث پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا خدشہ ہے

کوٹہ مقرر کرنے کا مقصد تمام پمپس کو بلا تعطل سپلائی فراہم کرنا ہے، پیٹرولیم ڈیلرز کا موقف

کراچی (بیورو رپورٹ) مشرق وسطیٰ کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ملک بھر کی تیل کمپنیوں نے پیٹرول پمپس کے لیے سپلائی کا کوٹہ مقرر کر دیا ہے۔ پیٹرولیم ڈیلرز کے مطابق تمام پمپس کو ان کی گزشتہ 6 ماہ کی........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی انٹیلی جنس حکام کا بات چیت کیلئے امریکہ سے رابطہ

رابطے جنگ شروع ہونے کے دوسرے دن بعد ہوئے، نیویارک ٹائمز

نیویارک (م ڈ) نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی انٹیلی جنس........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ کے مختلف واقعات میں پروفیسر سمیت 6 افراد جاں بحق

خاران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جامعہ بلوچستان کے استاد دلاور موقع پر ہی دم توڑ گئے، بلال احمد زخمی ہو گیا

تربت میں تین مختلف واقعات میں فائرنگ سے تین افراد، قبائل کے درمیان تصادم سے 2 افراد جان کی بازی ہار گئے

خاران/تربت/جھل مگسی (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی + نامہ نگار + این این آئی) یونیورسٹی آف بلوچستان سب کیمپس خاران کے مین گیٹ کے سامنے کیمپس اساتذہ کی گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے لیکچرار دلاور ولد لال بخش سکنہ تربت جاں بحق اور بلال احمد ولد غلام جان سکنہ ہنگول رشید شدید زخمی ہوگئے واقعہ کے بعد پولیس جائے........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی جارحیت کا جواب دینے کا مکمل حق رکھتے ہیں، سعودی عرب

سعودی اینٹی کرپشن اتھارٹی اور نیب کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں کی منظوری

جدہ (م ڈ) سعودی عرب نے کہا ہے کہ وہ بزدلانہ حملوں کے بعد ایرانی جارحیت کا جواب دینے کا مکمل حق محفوظ رکھتا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق گزشتہ روز سعودی........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانیوں کو خود منزل چننے کا حق دیا جائے، فرح دیبا

سپریم لیڈر کے قتل سے از خود ایرانی نظام ختم نہیں ہوگا، سابق ملکہ ایران

لندن (م ڈ) سابق ملکہ ایران فرح دیبا پہلوی نے ایران کی صورتحال پر پہلا تبصرہ کیا ہے۔ سابق شاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی کی پاکستان کو ینبع بندرگاہ سے تیل سپلائی کی یقین دہانی

وفاقی وزیر پٹرولیم سے سعودی سفیر کی ملاقات، آبنائے ہرمز کی بندش سے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف سعید المالکی نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی کوئی قلت نہیں، 28 دنوں کا ذخیرہ موجود ہے، وزیر خزانہ

قطر سے ایل این جی کی درآمد رک گئی ہے، مقامی گیس سے طلب کو پورا کر لیا جائے گا، سینیٹر محمد اورنگزیب

علاقائی کشیدگی اگر جاری رہی تو اس کے اثرات سے نمٹنے کیلئے اقدامات کریں گے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی کوئی قلت نہیں، 28 دنوں کا ذخیرہ موجود ہے اور ایل پی جی بھی مزید 15 دنوں کیلئے دستیاب ہے، قطر سے ایل این جی کی درآمد رک گئی ہے تاہم مقامی گیس سے طلب کو پورا کرلیا........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں پانی کی دستیابی خطرناک حد تک کم ہو گئی

پاکستان آبی دباؤ والے ملک سے آبی قلت والے ملک میں داخل ہو گیا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں آبی بحران شدت........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے 6 ناموں کی فہرست جیل حکام کو ارسال

شاہد خٹک، جاوید وڑائچ، شبیر علی قریشی عادل بازئی کا نام بھی فہرست میں شامل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں (آج)........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

جدید ٹیکنالوجی سے معاشی نظام بہتر بنایا جا سکتا ہے، گورنر بلوچستان

تیزی سے بدلتے ہوئے معاشی اور تجارتی منظرنامے میں اعلیٰ تعلیم یافتہ اور مہارت یافتہ افراد کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے

جامعہ گوادر تحقیق، فکری رہنمائی اور سماجی مسائل کے حل کیلئے اچھی پوزیشن میں ہے، وی سی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرازق سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہدایت کی کہ گوادر یونیورسٹی کے کانووکیشن سے قبل اپنے سینیٹ اور سنڈیکیٹ کے اجلاسوں کا انعقاد یقینی بنائیں۔ چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور کی اہمیت کے پیش نظر گوادر یونیورسٹی کو ایک........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

AL Habib woman
آگے بڑھیں بھروسے کے ساتھ

ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کیلئے QR کوڈ اسکین کریں

الحبیب ویمن ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جو خواتین کو ان کی بینکنگ ضروریات کو پورا کرنے کیلئے فوری، آسان اور مناسب مالی رسائی کے ذریعے با اختیار بناتا ہے۔

الحبیب ویمن پیش کرتا ہے:

- بینک اکاؤنٹس کرنٹ اور سیونگز اقسام میں**
- صارفین کیلئے کار اور ہاؤسنگ فنانس پر بہترین ریٹس
- اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز (SMEs) کیلئے فنانسنگ
- ڈیبٹ کارڈز پر حیرت انگیز ڈیلز اور ڈسکاؤنٹس
- پے پاک ڈیبٹ کارڈ کا مفت اجراء*
- فری لائف انشورنس*
(عمر: صرف 18 سے 60 سال تک)

* شرائط و ضوابط لاگو ہیں۔
** اسلامک بینکنگ میں بھی دستیاب ہے۔

Bank AL Habib Limited
رشتہ بھروسے کا

جنگی حیات کے تحفظ کیلئے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں، عمران لچی

موسمیاتی تبدیلی، قدرتی مسکن کے خاتمے اور غیر قانونی شکار جیسے چیلنجز کے باوجود حکومت اپنے عزم پر قائم ہے

وائلڈ لائف کنزرویشن اینڈ مینٹ فنڈ 2025 کا قیام پائیدار تحفظ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، عمران لچی

وزیر اعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی سے محمد خان لہڑی، ڈاکٹر فرحان کہزاد کی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (پی پی آئی) بلوچستان کے وزیر برائے جنگلی حیات و جنگلی حیات، چیف کنزرویٹر وائلڈ لائف بلوچستان عمران لچی نے کہا ہے کہ صوبے کی نایاب اور قیمتی جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے شروع کیے گئے اہم منصوبوں کے ثمرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم جنگلی حیات کے موقع پر یہاں بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر عمران لچی نے کہا کہ بلوچستان نایاب انواع کی مسکن ہے جن میں سلیمان مارخور، چلتن و اٹک کوٹ، بلوچستان ریگ، ریگ اور ہنگول نیشنل پارک سمیت متعدد محفوظ علاقے شامل ہیں۔ یہ قدرتی ورثہ ہمارے لیے ایک امانت ہے جس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، قدرتی مسکن کے خاتمے اور غیر قانونی شکار جیسے چیلنجز کے باوجود حکومت جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم جنگلی حیات کے موقع پر منعقدہ ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار کا اہتمام محکمہ جنگلی حیات بلوچستان نے کیا تھا۔ سیمینار سے ڈائریکٹر جنرل محکمہ جنگلی حیات بلوچستان میر نواز خان مینگل، ڈائریکٹر جنرل محکمہ جنگلی حیات بلوچستان ڈاکٹر عبدالرزاق کھوسو، ڈائریکٹر ایڈمن محکمہ جنگلی حیات بلوچستان ڈاکٹر عبدالرحمان کاکڑ، ڈائریکٹر ریسرچ

سی سی پی نے ایو ہولڈنگز کو فرسٹ ویمن بینک کے حصول کی منظوری دے دی

یہ حصول شیئر پرچیز ایگریمنٹ کے تحت حکومت پاکستان کی اداروں کی نجکاری کے عمل کا حصہ ہے

سی سی پی نے کمپیٹیشن ایکٹ 2010 کے تحت فیز ون جائزے کے بعد اس کی منظوری دی گئی ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے ایو ہولڈنگز آر ایس سی لمیٹڈ کے ذریعہ فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ کے حصول کی منظوری دے دی ہے۔ یہ حصول شیئر پرچیز ایگریمنٹ کے تحت حکومت پاکستان کی نجکاری کے عمل کا حصہ ہے اور سی سی پی نے کمپٹیشن ایکٹ 2010 کے تحت فیز ون جائزے کے بعد اس کی منظوری دی ہے۔ ایو ہولڈنگز آر ایس سی لمیٹڈ ایک خصوصی مقصد کے لیے قائم شدہ ہولڈنگ کمپنی ہے جو ابو ظہبی میں انکارپوریٹڈ ہے۔ فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ پاکستان میں ایک پبلک ان لسٹڈ کمرشل بینک ہے...

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے سیکرٹری جنگلات عمران گچکی ملاقات کر رہے ہیں

سیف سٹی اسلام آباد آپریشنل کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم فیصلے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں آپریشنل کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد۔ آئی جی اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان اور سکیورٹی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا، انہوں نے رمضان المبارک کے دوسرے عشرے کے دوران مساجد اور امام بارگاہوں کی خصوصی سکیورٹی کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں آپریشنل کمانڈرز کانفرنس منعقد کی گئی، جس میں تمام ڈی آئی جیز، اے آئی جیز، ایس ایس پیز اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان اور سکیورٹی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں ماہ رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت اور تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا، آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ مساجد، امام بارگاہوں، تجارتی مراکز، رمضان بازاروں اور اہم عوامی مقامات پر سکیورٹی اقدامات مزید موثر بنائے جائیں، انہوں نے رمضان المبارک کے دوسرے عشرے کے دوران بھی مساجد اور امام بارگاہوں کی خصوصی سکیورٹی کے احکامات بھی جاری کئے، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کا ماہ رمضان المبارک میں فول پروف سکیورٹی انتظامات مکمل ہیں، جبکہ سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں اضافی پولیس نفری تعینات کی گئی ہے

راولپنڈی پولیس کا رات گئے شہر بھر میں فلیگ مارچ

فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کیلئے راولپنڈی پولیس کے عزم کا اظہار

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا رات گئے شہر بھر میں فلیگ مارچ، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے فلیگ مارچ کی قیادت کی، فلیگ مارچ میں ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت ڈولفن اسکواڈز اور ایلیٹ کمانڈوز شامل تھے، فلیگ مارچ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز سے شروع ہو کر شہر بھر کے مختلف علاقوں سے گزرا، فلیگ مارچ کا مقصد امن و امان کے قیام اور فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس کے عزم کا اظہار ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا رات گئے شہر بھر میں فلیگ مارچ ہوا، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے فلیگ مارچ کی قیادت کی، فلیگ مارچ میں ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت ڈولفن اسکواڈز اور ایلیٹ کمانڈوز شامل تھے

ڈیرہ مراد جمالی: موٹر سائیکل چھینے کی واردات ناکام

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ وحب

معذور افراد کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرینگے، میر کوہیار ڈومکی

معذور افراد ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں، انہیں کسی بھی سطح پر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، صوبائی وزیر صنعت و حرفت

پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی سے ایم پی اے میر اسد اللہ بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

ایف آئی اے، بھرتیوں کیلئے نئے ڈرافٹ رولز تیار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے میں گریڈ 16 اور اس سے اوپر بھرتیوں اور ترقیوں کیلئے نئے ڈرافٹ رولز تیار کر لئے گئے۔ وزارت داخلہ کی منظوری کے بعد تمام رولز کو ایف آئی اے میں لاگو کیا جائے گا۔ نئے رولز کے مطابق ایف آئی اے میں گریڈ 17 کی بھرتیاں فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی سفارش پر ہوں گی۔ ایف آئی اے میں انتظامی طور پر 4 بڑے گروپس تشکیل دیے گئے ہیں۔ نئے رولز کے تحت نئے انویسٹی گیشن، لیگل، ایکسپرٹس اور منسٹریل گروپ میں بھرتیاں ہوں گی۔ ملازمین کو ابتدائی تعیناتی والے گروپ میں ہی سروس مکمل کرنا ہوگی۔ ایف آئی اے میں پی ایس پی اور ایف آئی اے کے اپنے افسران کی نئی شرح مقرر کی گئی ہے۔ گریڈ 20 اور 21 میں 70 فیصد پی ایس پیز اور 30 فیصد محکمانہ افسران ہوں گے۔ گریڈ 19 میں پی ایس پیز اور محکمانہ افسران کی شرح 50، 50 فیصد ہوگی۔ نئے رولز کے مطابق گریڈ 17 اور 18 پر 60 فیصد محکمانہ افسران تعینات ہوں گے

چیئرمین نیب کی منظوری سے تین افسران کی گریڈ 21 میں ترقی

عامر بٹ ڈائریکٹر جنرل نیب سکھر تعینات، محمد طاہر ڈی جی ہیڈ کوارٹر تعینات

غلام صفدر شاہ ڈی جی (PACA) کو گریڈ 20 سے 21 میں ترقی دے دی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نیب نے گریڈ 20 کے تین افسران کی گریڈ 21 میں ترقی چیئرمین نیب کی منظوری اور سلیکشن کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں قومی احتساب بیورو (نیب) کے تین سینئر افسران کو گریڈ 20 سے گریڈ 21 میں بطور ڈائریکٹر جنرل (D G) ترقی دے دی گئی ہے۔ ترقی پانے والے افسران کی تفصیلات درج ذیل ہیں: محمد عامر بٹ گریڈ 20 سے 21 میں ترقی کے بعد انہیں بطور ڈائریکٹر جنرل، نیب (سکھر) تعینات رکھا گیا ہے، محمد طاہر ڈائریکٹر نیب (ہیڈ کوارٹرز) کو گریڈ 21 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر جنرل، نیب (ہیڈ کوارٹرز) میں تعینات کر دیا گیا ہے۔ غلام صفدر شاہ ڈی جی (PACA) کو گریڈ 20 سے 21 میں ترقی دے دی گئی ہے اور وہ بطور ڈائریکٹر جنرل، PACA اپنی خدمات جاری رکھیں گے۔

زرعی شعبے کی بحالی کیلئے حکومتی اقدام قابل ستائش ہے، زمیندار

پروگرام کے تحت کسانوں کو 3.2 ارب روپے کے بلاسود قرضے ملے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) زرعی شعبے کی بحالی اور کسانوں کی مالی معاونت کے لیے صوبائی حکومت نے ایک بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے بلاسود قرضوں کی فراہمی کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد کاشتکاری میں اضافہ، دیہی معیشت کو مضبوط بنانا اور چھوٹے کسانوں کو بااختیار بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان نے گرین پاکستان انیشیٹو فیز ٹو کے تحت 847 کسانوں کو 3.2 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے ہیں۔ اس حوالے سے میر سرفراز بلیدی نے بتایا کہ ان قرضوں کے ذریعے صوبے میں 35 ہزار 609 ایکڑ رقبے پر کاشتکاری ممکن بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرین پاکستان انیشیٹو فیز ون کے تحت بھی 257 کسانوں کو 6.85 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کسان کارڈ کے ذریعے غریب کسانوں کو مالی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایکشن لیا جائے، احمد خان لونی

مرغزانی روڈ سے پولیس چوکیوں کو ختم کرنے سے جرائم میں اضافہ ہوا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری احمد خان لونی، ضلع سیکرٹری مالیات خلیل اللہ مرغزانی اور ضلع ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ملک شیر دل مرغزانی نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں گزشتہ شب مرغزانی روڈ، بالخصوص شہید ... اس علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی کی خطرناک علامت قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ نے علاقے میں قائم پولیس چوکیوں کو ختم کر کے عوام کو ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ...

دنیا بھر کی خواتین بنیادی حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہیں، ثمینہ ممتاز زہری

تحفظ، وقار اور احترام کے ساتھ زندگی گزارنے کے لیے خواتین کی جدوجہد ضرور کامیاب ہوگی

بلوچستان کی خواتین زندگی کے تمام شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہیں یوم خواتین پر سینیٹر کا بیان

کوئٹہ (پ ر) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے عالمی یوم خواتین کے موقع پر اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ میں دنیا کے ساتھ شامل ہو کر خواتین کی طاقت، ثابت قدمی اور کامیابیوں کو تسلیم کرتی ہوں۔ لیکن یہ دن ہمیں ایک دردناک حقیقت بھی یاد دلاتا ہے کہ دنیا کے کئی حصوں میں خواتین اور بچیاں آج بھی اپنے سب سے بنیادی حق کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں: یہ حق کہ وہ تحفظ، وقار اور احترام کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ غزہ سے لے کر دیگر تنازع سے متاثرہ علاقوں تک، بے شمار خواتین اور ماؤں نے اپنے گھر، اپنے خاندان اور اپنی جانیں کھو دی ہیں۔ وہ بچے جنہیں اپنے مستقبل کے خواب دیکھنے چاہئیں تھے، وہ ایسے تشدد کا شکار بن رہے ہیں جس کی تخلیق میں ان کا کوئی کردار نہیں تھا۔ ہمارے اپنے ملک میں بھی خواتین کو تشدد کی تشویشناک سطح کا سامنا ہے — گھریلو زیادتی، ہراسانی، غیرت کے نام پر قتل اور دیگر سنگین جرائم تک۔ یہاں تک کہ بعض ہولناک واقعات میں خواتین کے وقار کو ان کی وفات کے بعد بھی پامال کیا گیا۔ یہ حقائق ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ خواتین کے لیے انصاف اور تحفظ کی جدوجہد ابھی ختم ہونے سے بہت دور ہے۔ اسلام ہمیں انسانی جان کے تقدس اور خواتین کے احترام کا واضح درس دیتا ہے۔ قرآن مجید ہمیں یاد دلاتا ہے: "جو کوئی ایک جان کو قتل کرے... تو گویا اس نے پوری انسانیت کو قتل کیا۔" (القرآن 5:32)۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ نے بھی فرمایا: "تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنی عورتوں کے ساتھ سب سے بہتر ہو۔" آپ ﷺ نے جنگ کے حالات میں بھی خواتین اور بچوں کو نقصان پہنچانے سے سختی سے منع فرمایا۔ لہٰذا یہ خاص طور پر تشویشناک بات ہے کہ شدت پسند گروہ خواتین اور بچوں کو دہشت گردی کے لیے استعمال اور استحصال کرتے رہتے ہیں، حتیٰ کہ انہیں خودکش حملوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسے اقدامات نہ صرف انسانیت کے خلاف جرائم ہیں بلکہ اسلام کی کھلی اور مکمل غلط تشریح بھی ہیں

ایکسائز پولیس کی کارروائی منشیات برآمد

جعفرآباد (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع جعفرآباد میں ایکسائز پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کار کے خفیہ خانوں سے 14 کلو گرام چرس اور 3 کلو کرسٹال برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ جعفرآباد میں ای ٹی او ایکسائز پولیس کے آفیسر جاوید احمد بلوچ اور قربان علی بھٹی و دیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس فورس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ایک کار کو روک کر تلاشی لی جس کے خفیہ خانوں سے 14 کلوگرام چرس اور 3 کلوگرام کرسٹال برآمد کر کے ملزم عمران علی لاشاری ساکن ضلع قمبر کو گرفتار کر لیا گیا جو کوئٹہ سے اندرون سندھ منشیات منتقل کر رہا تھا۔ حکام کے مطابق برآمد شدہ منشیات کی عالمی منڈی میں مالیت کروڑوں روپے بنتی ہے۔ ایکسائز پولیس نے واضح کیا کہ منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور اسمگلنگ کے نیٹ ورک کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

آئی بی اور پولیس کا غیر قانونی کلینکس کیخلاف آپریشن جاری

عدالت نے ملزمان کو 30 دن کے لیے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں بغیر تصدیق شدہ میڈیکل قابلیت کے میڈیکل و لیزر پریکٹیشنرز کیے جانے کا انکشاف انسداد غیر قانونی میڈیکل پریکٹس کے لیے آپریشن کے دوران پانچ کلینکس کو سیل کر کے آٹھ افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ حکام کے مطابق پولیس اور انٹیلی جنس بیورو کو اطلاع ملی تھی کہ کوئٹہ میں غیر قانونی میڈیکل و اسکن کیئر کلینکس کی جا رہی ہیں جس پر خصوصی مجسٹریٹ کی نگرانی میں پولیس اور انٹیلی جنس بیورو نے کوئٹہ میں کارروائی کرتے ہوئے پانچ مختلف کلینکس پر چھاپے مار کر آٹھ افراد نعمان خان، ممتاز احمد، ظہور احمد رند، جواد خان، دانیال خان، انس طارق، حیدر میر اور انعام اللہ کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان نے دوران تفتیش انکشاف کیا ہے کہ کلینکس میں کاسمیٹک، ڈرماٹولوجیکل اور لیزر پراسیجرز غیر مجاز افراد انجام دے رہے تھے، جو میڈیکل قوانین اور ریگولیٹری اسٹینڈرڈز کی خلاف ورزی ہے۔ پولیس نے پانچ کلینکس کو سیل کر کے ملزمان کو عدالت میں پیش کر دیا جنہیں 30 دن کے لیے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا ہے۔

عوام امن، ترقی، خوشحالی، یکجہتی کیلئے دعا کریں، لشکری رئیسانی

رمضان المبارک ہمیں محبت، احترام، ہمدردی، رواداری کا درس دیتا ہے

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے رمضان المبارک کی آمد پر ملت اسلامیہ کو مبارکباد دیتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ پاک بلوچستان کو یکجہتی، اتحاد، امن، ترقی اور خوشحالی کی سرزمین بنائے۔ اپنے پیغام میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت ایام کا آغاز ہمیں محبت، احترام، ہمدردی، ایک دوسرے کیساتھ رواداری کا درس دیتا ہے، آج بلوچستان ایک بہت بڑے تاریخی بحران سے گزر رہا ہے ریاست کی ذمہ داری تھی کہ اس کا تدارک کرتی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ ان بابرکت ایام میں اپنے ستم رسیدہ، غم زدہ بھائیوں کے غم میں شریک ہوں اپنی سرزمین کے امن اور خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کیساتھ ساتھ اس بابرکت مہینے میں دعا کریں کہ اللہ پاک سرزمین بلوچستان کو امن، ترقی، خوشحالی، یکجہتی اور اتحاد کی سرزمین بنائے۔

زیارت: اے سی سجاد الرحمان پاکستان زندہ آباد ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا رن وے فعال کر دیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو ایک اور اہم اعزاز حاصل ہو گیا، جس پر اسے روایتی واٹر سیلوٹ بھی دیا گیا۔ کراچی ایئرپورٹ پر تعمیر نو کے بعد مرکزی رن وے جدید ترین اور سب سے بڑے ایئربس 380 طیاروں کو خوش آمدید کہنے کے لیے تیار ہو گیا ہے۔ رن وے نمبر 25R کی اپ گریڈیشن کے بعد پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کا طیارہ بطور پہلی پرواز آج لینڈ کرے گا۔ واضح رہے کہ مین رن وے کی اپ گریڈیشن کا کام 18 ماہ کی دی گئی ڈیڈ لائن میں مکمل کیا گیا جبکہ رن وے 07L/25R کی تکمیل کے بعد اس کی درجہ بندی بھی اپ گریڈ کر دی گئی ہے۔

اقلیتوں کے مسائل حل کر رہے ہیں، جام کمال

بیلا (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ ملک تجارتی و معاشی طور پر مستحکم ہے تجارت کے شعبے کو مزید وسعت اور فروغ دینے میں حکومت سنجیدہ ہے علاقائی و عوامی مسائل کا حل ترجیحات میں شامل رہا ہے اقلیتی برادری سمیت علاقائی مسائل ترجیح بنیادوں پر حل ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جام گروپ جب کے سرگرم اقلیتی رہنما نوین لاسی اور جام گروپ کے سینیئر رہنما عبدالوحید قلندرانی سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد نے جام کمال خان کو علاقائی مسائل بالخصوص ضلع حب اور ضلع لسبیلہ کی اقلیتی برادری کے مسائل سے تفصیل سے آگاہ کیا وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے وفد کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ علاقائی مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات ہوں گے

وفاقی محتسب عوام کی خدمت کر رہی ہے، اعجاز احمد قریشی

گزشتہ سال ادارے نے 261,101 شکایات کے فیصلے کئے، وفاقی محتسب

ٹیکس محتسب سروس تنزانیہ کے ایک وفد کی ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے این این) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ عوامی شکایات کے جلد از جلد ازالے کی مسلسل کوششوں کے باعث وفاقی محتسب کا ادارہ ایک غریب آدمی کی عدالت کے طور پر سامنے آیا ہے اور اسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہوا ہے۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ٹیکس محتسب سروس تنزانیہ کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ ایرامس وسنت متوئی کی قیادت میں تنزانیہ کے ٹیکس محتسب سروس کے 17 رکنی وفد نے بدھ کو وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ وفد کو دورہ کے دوران وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اہم اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر وفاقی محتسب نے اپنے خطاب کے دوران بتایا کہ سال 2025، کے دوران ان کے ادارے نے 261,101 شکایات کے فیصلے کئے جو کہ ایک ریکارڈ ہے، جب کہ سال 2024، کے دوران فیصلوں کی تعداد 223,198 تھی۔ انہوں نے بتایا کہ شکایات اور فیصلوں میں یہ اضافہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں علاقائی دفاتر کے قیام، کھلی کچہریوں کے انعقاد، آئی آر ڈی پروگرام اور سرکاری دفاتر کے دوروں جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ گزشتہ سال کے دوران وفاقی محتسب کے فیصلوں پر 96.8 فیصد عملدرآمد کی بے مثال شرح حاصل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران ملک کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے لوگوں تک آسان رسائی اور انہیں بہتر خدمات فراہم کرنے کے لئے متعدد علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز قائم کئے گئے۔ اب یہ ادارہ ملک کے 28 شہروں میں موجود ہے جو عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے

سیکرٹری مواصلات بابر خان ترقیاتی منصوبوں کے کانسیپٹ پیپرز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری ڈی سی خضدار و دیگر کے ہمراہ ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

شجرکاری کو عوامی مہم بنا کر ماحول کو انسان دوست بنایا جا سکتا ہے، سیکرٹری جنگلات

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور ماحول کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے درخت لگانا ہر فرد کی ذمہ داری ہے

ہر ملازم کو گھر، گلی محلوں میں لگانے کے لیے 5 پودے فراہم کیے جائیں گے، عمران گچکی کا نرسری کے افتتاح پر خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان سول سیکریٹریٹ میں شجرکاری مہم کے فروغ کے سلسلے میں نرسری اسٹال کا باقاعدہ افتتاح ایک پروقار تقریب میں کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان سول سیکریٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری، میر عمران تاج گچکی (سیکریٹری جنگلات حکومت بلوچستان)، آغا فیصل احمد (سیکریٹری ایس اینڈ جی اے ڈی)، محمد علی کاکڑ (چیئرمین سی ایم آئی ٹی)، بشیر بنگلزئی (سیکریٹری ماحولیات)، منظور زہری (ممبر ایم آئی ٹی)، منیر احمد موسیانی (ایڈیشنل سیکریٹری جنگلات) اور بلوچستان سول سیکریٹریٹ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر امیر حمزہ نے مشترکہ طور پر شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے بھر میں سبز انقلاب کو فروغ دینے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور شجرکاری مہم کو ایک عوامی تحریک بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے اور ماحول کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے درخت لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر سیکریٹری جنگلات میر عمران تاج گچکی نے اعلان کیا کہ بلوچستان سول سیکریٹریٹ کے ہر ملازم کو پانچ پودے فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ انہیں اپنے گھروں، گلی محلوں یا دیگر موزوں مقامات پر لگا کر اس قومی مہم میں بھرپور حصہ لے سکیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ سرکاری ملازمین کی یہ کاوش صوبے میں ماحولیاتی بہتری کی جانب ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوگی۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے نرسری اسٹال کا دورہ کیا اور پودے بھی لگائے۔ اس اقدام کو بلوچستان میں شجرکاری کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔

ضلعی انتظامیہ کے افسران کی جانب سے سریاب میں گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کی جا رہی ہے

51 پاکستانی گوادر کے قریب ایرانی باڈر سے واپس پہنچے، ڈی سی گوادر

واپس آنے والوں میں بڑی تعداد میں زائرین، سیاح، تاجر اور طالب علم شامل ہیں، نقیب اللہ کاکڑ

پاکستانی شہریوں کی وطن واپسی کا عمل ایران میں بڑھتے ہوئے تنازعہ کے باعث شروع کیا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی سی گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستانی طلباء، زائرین، سیاح اور تاجر ایران سے بلوچستان میں تفتان اور گوادر بارڈر کراسنگ کے ذریعے واپس آ رہے ہیں کیونکہ امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے بعد ایران میں کشیدگی میں شدت آئی ہے۔ وطن واپسی کا عمل اسلامی جمہوریہ میں بڑھتے ہوئے تنازعہ کے درمیان پاکستانی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے شروع کیا گیا ہے۔ چاغی کے ڈپٹی کمشنر کے مطابق 19 طلباء نے راتوں رات ایرانی شہر زاہدان سے تفتان بارڈر کراس کیا، تمام کا تعلق زاہدان میڈیکل یونیورسٹی سے تھا۔ طلباء میں پنجاب سے 12 اور خیبر پختونخوا کے سات طلباء شامل ہیں۔ سرحد پر طبی اور انتظامی چیکنگ مکمل کرنے کے بعد انہیں ان کے آبائی صوبوں تک پہنچانے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ مریکا نے پاکستان میں ویزہ اپائنٹمنٹس مہلک احتجاج کے بعد منسوخ کر دیں۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ 51 پاکستانی شہری گوادر کے قریب گبد۔ رمضان بارڈر کے ذریعے واپس آئے ہیں، جن میں زائرین، سیاحوں اور تاجروں کے ساتھ پانچ طالب علم بھی شامل ہیں جو ایران میں بگڑتی ہوئی صورتحال کی وجہ سے پھنسے ہوئے تھے۔ وفاقی تحقیقاتی ایجنسی بلوچستان کے ڈائریکٹر محمد بہرام خان نے کہا کہ پاکستانیوں کی بلاتعطل واپسی کو یقینی بنانے کے لیے امیگریشن کی سہولیات چوبیس گھنٹے کام کر رہی ہیں۔ خان نے کہا کہ تمام آنے والے شہریوں کو جلد از جلد ان کے متعلقہ صوبوں میں کھانا، رہائش اور آگے کے سفر کے انتظامات فراہم کیے جا رہے ہیں

ماہ رمضان، رواداری اور ایثار کا درس دیتا ہے، زرک مندوخیل

اصلاح نفس اور معاشرتی ہم آہنگی کے موقع سے مستفید ہونا چاہئے

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے رمضان المبارک کی آمد پر اہل صوبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مقدس مہینہ ہمیں اخوت، رواداری اور ایثار کا درس دیتا ہے رمضان خود احتسابی، اصلاح نفس اور معاشرتی ہم آہنگی کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس بابرکت مہینے میں سادگی، میانہ روی اور باہمی احترام کو فروغ دیں اور مستحق افراد کی مدد کو اپنی ترجیحات میں شامل کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ معاشرتی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور اجتماعی فلاح کے جذبے سے ہی ایک مضبوط اور پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ رکن اسمبلی نے ماحول کے تحفظ، صفائی کی اہمیت اور وسائل کے محتاط استعمال پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدار ہماری دینی و سماجی ذمہ داریوں کا حصہ ہیں

سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ بر تھ ٹو فلیشن ٹول ٹریننگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سی ای صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار میر کوہیار خان ڈومکی تقریب میں خاتون کو سلائی مشین دے رہے ہیں

بلوچستان میں بڑھتی بے روزگاری سے سٹریٹ کرائم میں اضافہ

باڈر بندش سے ہزاروں نوجوان متاثر ہوئے بے روزگاری کے اثرات صوبائی دارالحکومت کوئٹہ تک پہنچ گئے

متاثر بیروزگاروں کے ساتھ ساتھ بین الصوبائی چوروں نے عوام کا مال لوٹنے کی کارروائیاں تیز کر دیں

... رجحانات بڑھ گئے ہیں حکومت کے پاس نہ اس کا حل نظر آ رہا ہے نہ ہی حکومتی عہدے دار کرپشن کم کر کے اپنا پیٹ کاٹنے کی پوزیشن میں ہے سرکاری ملازمین میں چپڑاسی سے لے کر آئی لیول کے سیٹوں پر بیٹھے لوگ رشوت اور بھتہ کمیشن نوکری فروخت کو اپنا حق سمجھتے ہیں تو ایسے معاشروں میں سوائے چوری اور جرائم کے نوجوان طبقے کے پاس کوئی دوسرا راستہ باقی نہیں رہتا، جس سے بلوچستان کے راستے راتوں کو بند ہوئے، چیک پوسٹیں زیادہ ہوئے، لاک ڈاؤن کا ماحول وجود میں آیا صوبے میں کاروبار و روزگار 100 سے 25 یا 30 فیصد بمشکل رہ گیا ہے، زراعت میں اب روز مرہ ضروریات زندگی کی بجائے پوست کی کاشت کاری ہے

NOTICE INVITING TENDER

TSE-252603991863 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PROVINCIAL B&R DISTRICT KOHLU invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REHABILITATION OF TRACK FAZAL CHAIL KILLI PARAI DISTRICT KOHLU BSDI PHASE-II	8,908,900

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 6,236,230 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 19 March, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 19 March, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: EXECUTIVE ENGINEER PROVINCIAL B&R DISTRICT KOHLU

Phone no: 3339997025 Email: XEnkholu@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER ROADS CW,PP&H DEPARTMENT DISTRICT KOHLU

PRQ No.4023/04-03-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Bank AL Habib

بینک الحبیب لمیٹڈ

اے ٹی ایم کسٹمرز توجہ فرمائیں

بینک الحبیب کے اے ٹی ایمز ماہِ رمضان اور عید کی تعطیلات کے دوران 24/7 دستیاب رہیں گے۔

کسی بھی استفسارات یا شکایات کے لئے براہِ مہربانی ہمارے کال سینٹر سے رجوع فرمائیں

(+92 21) 111-014-014

/BAHLOfficial | bankalhabib.com

Bank AL Habib Limited — رشتہ بھروسے کا

ملتان، خاتون میں منکی پاکس کی تصدیق

ملتان (بیورو رپورٹ) ملتان نشتر ہسپتال میں شجاع آباد کی رہائشی خاتون میں منکی پاکس کی تصدیق ہو گئی۔ منکی پاکس سے متاثرہ خاتون آئی سولیشن وارڈ میں زیر علاج ہے۔ مظفرگڑھ کے رہائشی میں منکی پاکس کے ساتھ ایچ آئی وی ایڈز کی بھی تصدیق ہوئی۔ نشتر ہسپتال میں منکی پاکس کے زیر علاج مریضوں کی تعداد 2 ہو گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے آئی سولیشن وارڈ میں خصوصی احتیاطی اقدامات کئے گئے ہیں۔ نشتر ہسپتال میں رواں سال کے دوران اب تک 3 مریض رپورٹ ہو چکے ہیں۔

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

اشتہار برائے کرایہ پر بنگلہ

پی پی ایچ آئی بلوچستان ہیڈ آفس کو کوئٹہ کے علاقے جناح ٹاؤن یا شہباز ٹاؤن میں کم از کم 4000 تا 5000 مربع فٹ رقبے پر مشتمل بنگلہ ماہانہ کرایہ پر درکار ہے۔

بنگلے میں کم از کم 8 تا 10 کمرے موجود ہوں۔ یہ بنگلہ کم از کم تین (03) سالہ مدت کے لیے درکار ہے، جس میں توسیع کی گنجائش بھی موجود ہو گی۔

دلچسپی رکھنے والے مالکان اپنی مکمل تفصیلات کے ساتھ پیر تا جمعہ دفتری اوقات میں درج ذیل پتے یا نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

منیجر ایڈمن پی پی ایچ آئی بلوچستان

پتہ: ہاؤس 8 اے جناح ٹاؤن سمنگلی روڈ کوئٹہ رابطہ نمبر: 0812863620 / 0812863623

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 5 مارچ 2026ء

خطے کے کشیدہ حالات۔ قومی اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کی ضرورت

مشرق وسطیٰ ایک مرتبہ پھر ایسی جنگی کیفیت میں داخل ہو چکا ہے جس کے اثرات صرف چند ممالک تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا اس کی لپیٹ میں آ سکتی ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں اور اس کے جواب میں ایران کی جوابی کارروائیوں نے خطے کو بارود کے ڈھیر پر لا کھڑا کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ایرانی فوج نے بحرین میں امریکی بحریہ کے ہیڈ کوارٹر اور فوجی اڈوں پر حملوں میں 160 امریکی اہلکاروں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔ دوسری جانب ایران نے تصدیق کی ہے کہ امریکی و اسرائیلی حملوں میں جاں بحق افراد کی مجموعی تعداد 1045 ہو چکی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد بھی درجنوں سے تجاوز کر گئی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق صرف چار روز میں 787 شہری جان کی بازی ہار چکے ہیں، جبکہ ایک امریکی بیسڈ انسانی حقوق تنظیم نے 742 شہریوں کے جان سے جانے کی تصدیق کی ہے جن میں 176 بچے بھی شامل ہیں۔ یہ اعداد و شمار اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ جنگ کا سب سے بڑا بوجھ عام شہری اٹھا رہے ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کا دعویٰ ہے کہ تقریباً دو ہزار اہداف کو نشانہ بنایا گیا اور ایران کی بحری تنصیبات کو شدید نقصان پہنچایا گیا۔ جواباً ایران کی جانب سے 500 بیلسٹک میزائل اور دو ہزار سے زائد ڈرون داغے گئے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سخت موقف اختیار کرتے ہوئے کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے جبکہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے واضح کیا ہے کہ ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ یہ صورتحال صرف ایران اور امریکہ کے درمیان ایک محدود تنازع نہیں رہی بلکہ پورا خطہ اس کی زد میں آ چکا ہے۔ اسرائیل سمیت مختلف عرب ممالک میں قائم امریکی تنصیبات اور سفارت خانوں کو نشانہ بنانے کی خبریں بھی سامنے آئی ہیں، جس کے نتیجے میں امریکی فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق ہو چکی ہے۔ ایسے میں خدشہ ہے کہ یہ جنگ مزید پھیل سکتی ہے اور خلیج، ہرمز اور بحیرہ عرب کی گزرگاہیں بھی غیر محفوظ ہو سکتی ہیں، جو عالمی معیشت کے لئے تباہ کن ثابت ہوگا۔ ان نازک حالات میں مسلم امہ کا اتحاد و اتفاق وقت کی سب سے بڑی ضرورت بن چکا ہے۔ داخلی اختلافات، فرقہ وارانہ تقسیم اور سیاسی تضادات امت مسلمہ کو مزید کمزور کر سکتے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی مسلم دنیا انتشار کا شکار ہوئی، بیرونی قوتوں نے اس کمزوری سے فائدہ اٹھایا۔ آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلامی ممالک ذاتی مفادات اور باہمی تنازعات سے بالاتر ہو کر مشترکہ سفارتی حکمت عملی اختیار کریں۔ جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں؛ مذاکرات، سفارتکاری اور بین الاقوامی قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے تنازعات کا حل ہی پائیدار امن کی ضمانت بن سکتا ہے۔ پاکستان کا کردار اس پس منظر میں نہایت اہمیت اختیار کر چکا ہے۔ پاکستان ایک ایٹمی قوت ہونے کے ساتھ ساتھ مسلم دنیا کا ایک بااثر ملک ہے جس کے ایران، خلیجی ممالک اور مغربی دنیا کے ساتھ سفارتی تعلقات موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان سے متوازن اور ذمہ دارانہ کردار کی توقع کی جا رہی ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ پاکستان نے اب تک محتاط، سنجیدہ اور تدبر پر مبنی پالیسی اختیار کی ہے۔ گزشتہ روز وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پارلیمانی جماعتوں کے رہنماؤں اور نمائندگان کا اہم اجلاس اسی قومی ذمہ داری کا مظہر ہے۔ اس اجلاس میں ملک کی داخلی و خارجی صورتحال، ایران، مشرق وسطیٰ اور خلیجی خطے میں کشیدگی، نیز پاکستان کی سفارتی کوششوں پر ان کیمرہ بریفنگ دی گئی۔ شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ پاکستان نے تنازع کی شدت میں کمی لانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی ہے اور مختلف عالمی و علاقائی قیادت سے رابطے کئے گئے ہیں۔ یہ اقدام اس لحاظ سے انتہائی اہم ہے کہ حکومت نے تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا۔ قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے معاملات پر وسیع تر مشاورت جمہوری روایت کا تقاضا بھی ہے اور قومی مفاد کا تقاضا بھی۔ اجلاس میں شریک رہنماؤں نے کھل کر اظہار خیال کیا اور موجودہ حالات میں ملی اتحاد، اتفاق اور یگانگت کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے خطے میں امن کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے ان کا دائرہ مزید وسیع کرنے کی تجاویز بھی پیش کیں۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ اختلافات کے باوجود قومی قیادت نے ایک پلیٹ فارم پر بیٹھ کر صورتحال کا جائزہ لیا۔ یہ طرز عمل نہ صرف عالمی برادری کو ایک مثبت پیغام دیتا ہے بلکہ ملک کے اندر بھی استحکام کا احساس پیدا کرتا ہے۔ موجودہ حالات میں پاکستانی قوم کو اپنی قیادت پر مکمل اعتماد اور اطمینان کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ضرور ہے، مگر قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی جیسے حساس معاملات میں انتشار اور الزام تراشی ملک کو کمزور کر سکتی ہے۔ پاکستان کو اس وقت دوہری ذمہ داری کا سامنا ہے۔ ایک جانب اسے خطے میں امن کے لئے فعال سفارتی کردار ادا کرنا ہے، تو دوسری جانب داخلی استحکام کو بھی یقینی بنانا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد، معاشی چیلنجز اور سرحدی مسائل اپنی جگہ موجود ہیں۔ ایسے میں قومی اتحاد ہی وہ قوت ہے جو پاکستان کو مضبوط رکھ سکتی ہے۔ مشرق وسطیٰ کی موجودہ کشیدگی اگر مزید شدت اختیار کرتی ہے تو اس کے اثرات توانائی کی قیمتوں، عالمی تجارت اور خطے کے امن و استحکام پر مرتب ہوں گے۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کے لئے معاشی دباؤ میں اضافہ ایک بڑا چیلنج ہو سکتا ہے۔ لہٰذا دانشمندی کا تقاضا ہے کہ ہم داخلی استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کو ترجیح دیں۔ آج وقت کا تقاضا ہے کہ ہم بحیثیت قوم جذباتیت کے بجائے تدبر، برداشت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ میڈیا، سیاسی جماعتیں اور سماجی حلقے سب کو اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ قومی مفاد پر کوئی آنچ نہ آئے رہ گئی مسلم امہ کی بات تو اتحاد کے بغیر ہم کچھ بھی نہیں کر سکتے یہی عین حقیقت ہے پاکستان اس اتحاد کے لئے پل کا کردار ادا کر سکتا ہے اور اب تک پاکستان نے اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا بلکہ تعمیری کردار نبھایا ہے اختلافات کو پس پشت ڈال کر وسیع تر مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ مشرق وسطیٰ کی آگ اگر پھیلتی ہے تو اس کے شعلے سب کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ اس لئے سفارتی کوششوں کو مزید تیز کرنا، مذاکرات کی راہ ہموار کرنا اور عالمی برادری کو جنگ بندی پر آمادہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی ذمہ دارانہ سفارتکاری اور قومی اتحاد ہی اس کڑے امتحان میں ہماری اصل طاقت ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ آزمائش کا وقت ہے۔ اتحاد، اتفاق اور یکجہتی ہی وہ راستہ ہے جو ہمیں نہ صرف اس بحران سے نکال سکتا ہے بلکہ مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بھی بنا سکتا ہے۔

طاقت کا نشہ، اصولوں کا بحران اور امریکیوں کی اخلاقی آزمائش

منظر نامہ



پیرزادہ عثمان علی

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت کا خطاب اور ہماری روایتی سیاست

برملا



نصرت جاوید

پہلے دفاع یا معیشت؟ ایران سے حاصل ہونے والا سبق

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی

ایران اور افغانستان: بحرانوں میں گھرا خطہ

زیب داستان

ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر

بھارت۔اسرائیل گٹھ جوڑ اور اس کے تزویراتی مضمرات

سوچ و فکر

محمد محسن اقبال

امریکہ کا ایران پر بلا جواز حملہ

برسبیل تذکرہ



شیراز پراچہ

آبنائے ہرمز کی بندش

تناظر

مشرق وسطیٰ میں تنازع شدت اختیار کرنے اور اس کے بڑھتے دورانیے پر عالمی تشویش کے بیچ تیل اور گیس کی قیمتوں میں عالمی سطح پر اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے جبکہ دوسری جانب عالمی سٹاک مارکیٹوں میں شدید مندی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ بدھ کی روز تیل اور برینٹ خام تیل کی قیمتوں میں مزید 1.2 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جبکہ اہم آبنائے ہرمز ...

تجارت بدستور مشکلات کا شکار رہتی ہے تو اس صورت میں خطے کے دیگر ممالک سمیت پاکستان ...

ماچھی پور، سید کامران احمد شاہ بخاری اور کاشف کھوکھر کی قیادت میں ایران کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

صحت کی سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے گی، ڈاکٹر نسیم

خضدار (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نسیم لانگو کی صدارت میں لیڈی ہیلتھ ورکرز کو ادویات کی تقسیم کا عمل مکمل کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عصمت اللہ، اکاؤنٹ سپروائزر کریم زہری، ڈی ایس او محمد اور اے ڈی سی کمپنی پروگرام رشید زہری بھی موجود تھیا جلاس میں لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کو بنیادی ادویات فراہم کی گئیں

ناقص منصوبہ بندی محکمہ اریگیشن کی علاقے میں زرعی پانی کا بحران سنگین صورت اختیار کر گیا

زمینداروں اور کسانوں کی کروڑوں روپے مالیت کی تیار فصلات کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے

پانی کی عدم دستیابی کے باعث فصلیں سوکھنے لگی جبکہ کئی ایکڑ رقبے پر کاشت متاثر ہو چکی ہے، خالد لہڑی

نصیر آباد (نامہ نگار) معروف زمیندار اور یونین کونسل کے چیئرمین حاجی خالد لہڑی نے ربیع کینال میں پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ اریگیشن کی نااہلی اور ناقص منصوبہ بندی کے باعث علاقے میں زرعی پانی کا بحران سنگین صورت اختیار کر چکا ہے، جس سے زمینداروں اور کسانوں کی کروڑوں روپے مالیت کی تیار فصلات کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ربیع سیزن کے دوران پانی کی فراہمی انتہائی اہمیت کی حامل ہوتی ہے کیونکہ اس وقت گندم، سبزیاں اور دیگر نقد آور فصلیں آخری مراحل میں ہوتی ہیں پانی کی عدم دستیابی کے باعث فصلیں سوکھنے لگی ہیں جبکہ کئی ایکڑ رقبے پر کاشت متاثر ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ اگر فوری طور پر پانی کی منصفانہ تقسیم اور فراہمی کو یقینی نہ بنایا گیا تو کسانوں کو ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑے گا حاجی خالد لہڑی کا کہنا تھا کہ متعدد بار متعلقہ حکام کو صورتحال سے آگاہ کیا جا چکا ہے لیکن تاحال کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا گیا انہوں نے مطالبہ کیا کہ ربیع کینال میں پانی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے غیر قانونی آؤٹ لیٹس کے خلاف کارروائی کی جائے اور ٹیل تک پانی کی رسائی ممکن بنائی جائے تاکہ چھوٹے کاشتکار بھی اس سہولت سے مستفید ہو سکیں انہوں نے مزید کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے کسانوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کے خلاف احتجاجی ریلی

مشکل کی گھڑی میں پاکستانی عوام ایرانی قوم کے ساتھ کھڑی ہے، سید کامران علی شاہ

ماچھی پور (نامہ نگار) چراغ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ضلع صحبت پور کی تحصیل ماچھی پور میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کی خبر پر احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں چراغ فاؤنڈیشن کے اہلکاروں سید کامران علی شاہ، کاشف نہال کھوکھر اور دیگر کے علاوہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی کا آغاز مسجد خضری سے ہوا جو مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی امریکہ، اسرائیل مردہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے جناح پریس کلب پہنچ کر اختتام پزیر ہوئی۔ ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر امریکہ اور اسرائیل مخالف نعرے درج تھے۔ اس موقع پر مقررین نے اپنے خطاب میں آیت اللہ علی خامنہ ای کی دینی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ایرانی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے مشکل کی اس گھڑی میں پاکستانی عوام ایرانی قوم کے ساتھ کھڑی ہے۔ اسرائیلی پالیسیوں سے واضح ہوتا ہے

مجرموں کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی، عبدالحمید

ماچھی پور (آن لائن) قانون کی بالادستی قائم رہے گی مجرموں کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی تاکہ جرائم کا مکمل خاتمہ ہو سکے ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صحبت پور عبدالحمید اور ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر عرفان علی کھترانی نے زیر تفتیش سنگین نوعیت کے مقدمہ کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس میں کیا۔ اجلاس کے دوران مقدمہ کے قانونی اور تفتیشی پہلوؤں کا جامع و تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شواہد کو مزید مؤثر اور مضبوط بنانے، تفتیش کو مکمل طور پر قانون کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچانے اور مقدمہ کی بروقت و مؤثر پیروی کو یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں افسران نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قانون کی بالادستی اور بلا امتیاز انصاف کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

ڈھاڈر، ڈی سی جمعہ داد خان مندوخیل نئے تعلیمی سال کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جن این جی اوز کے منصوبے مکمل ہو چکے این او سی ختم کی جائے، ڈی سی نصیر آباد

نئے منصوبے کی منظوری، باقاعدہ آغاز کے بعد ہی انہیں دوبارہ این او سی جاری کی جائے گی، ذوالفقار علی

جاری منصوبوں، اخراجات، اہداف اور حاصل شدہ نتائج کے حوالے سے جامع پریزنٹیشن پیش کریں، خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت این جی اوز و آئی این جی اوز کی کوآرڈینیشن سے متعلق ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا جس میں ضلع میں مختلف شعبہ جات میں خدمات سرانجام دینے والی این جی اوز کے نمائندگان نے شرکت کی اور اپنے جاری و مکمل شدہ منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں این جی اوز کی فوکل پرسن حنا عمرانی، عبدالصمد کورار اور ڈپٹی کمشنر کے پرسنل اسٹاف آفیسر منظور شیرازی بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں جن این جی اوز کے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں ان کی این او سی فوری طور پر ختم کی جائے اور نئے منصوبے کی منظوری اور باقاعدہ آغاز کے بعد ہی انہیں دوبارہ این او سی جاری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام ورکنگ این جی اوز آئندہ اجلاس میں اپنے جاری منصوبوں، اخراجات، اہداف اور حاصل شدہ نتائج کے حوالے سے جامع پریزنٹیشن پیش کریں تاکہ ضلعی انتظامیہ کو کارکردگی کا مکمل جائزہ لینے میں آسانی ہو۔

نوکنڈی میں کمیونٹی فنڈز سے ہنر فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں لایا گیا

ضلع کے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر ملازمتیں فراہم کی جائے گی نیشنل پارٹی

دالبندین (بیور چیف) نیشنل پارٹی چاغی کے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ریکوڈک پروجیکٹ کی جانب سے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر ملازمتیں فراہم کرنے کے لئے نوکنڈی میں ہنر فاؤنڈیشن کا قیام کمیونٹی فنڈز سے لایا گیا اور شروع میں مینجمنٹ تقریبا یہ دعوے کرتے رہے کہ یہاں سے ضلع کے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر ملازمتیں فراہم کی جائے گی اور اب تک سینکڑوں نوجوان چھ مہینوں کی تربیت حاصل کر کے مہینوں سے انتظار میں بیٹھے ہیں کہ کب انہیں ملازمتیں فراہم کر کے بیروزگاری سے نجات دلائی جائے گی مگر افسوس کہ کمپنی اس حوالے سے ناکام نظر آرہی ہے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں لوگ صوبہ سے باہر لا کر یہاں انہیں آسانی سے روزگار دی جارہی ہے مگر رخشاں خصوصا چاغی کے سینکڑوں تربیت یافتہ نوجوان مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں جس کی واضح مثال گذشتہ دن ہنر فاؤنڈیشن سے فارغ کئی نوجوانوں کا اپنے ساتھ جاری ناانصافیوں پر احتجاج ریکارڈ کرانا ہے

ایس ڈی او بلڈنگ عابد علی پہنور کی کارکردگی کی تعریف

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) عاشق علی ہنگلزئی نے کہ ہے کہ ایس ڈی او بلڈنگ نصیر آباد عابد علی پہنور ایک قابل آفیسر اور اپنے شعبے میں تجربہ کار اور مہارت رکھنے والے آفیسر ہیں موصوف کی ڈیرہ مراد جمالی نصیر آباد میں تعیناتی یہاں کے محکمہ اور خصوصا یہاں کے عوام کے لئے خوش قسمتی کسی سے کم نہیں ہے دفتری اوقات میں موصوف کا دفتر لوگوں سے کھچا کھچ بھرا رہتا ہے موصوف کی عوام دوستی اور عوامی منصوبے کے کام میں ایمانداری سے پیش آنا روز کا معمول ہے ایسے آفیسران ہمارے سر کے تاج ہوتے ہیں نصیر آباد میں اپنے محکمہ کے توسط سے مختلف سڑکیں اور عمارتیں اپنی نگرانی اور کوالٹی سرکاری کاموں بہتری میٹریل کا استعمال معیاری اور دیرپا منصوبے بنا کر تاریخ رقم کی ہے ان کے نگرانی میں جتنے بھی کام پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں ان سے عوام بہتر طریقے سے مستفید ہوتے جا رہے ہیں موصوف نے آج تک عوامی اسکیمات میں بلاوجہ قومی خزانے کے ایک پیسہ بھی ضائع نہیں کیا ہے حکام بالا موصوف کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں ترقی اور اعزازی شیلڈ سے نوازا جائے اور نصیر آباد کے عوام ان کی کارکردگی سے مطمئن ہے

ایس ڈی او بلڈنگ عابد علی پہنور کی کارکردگی کی تعریف

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) عاشق علی ہنگلزئی نے کہ ہے کہ ایس ڈی او بلڈنگ نصیر آباد عابد علی پہنور ایک قابل آفیسر اور اپنے شعبے میں تجربہ کار اور مہارت رکھنے والے آفیسر ہیں موصوف کی ڈیرہ مراد جمالی نصیر آباد میں تعیناتی یہاں کے محکمہ اور خصوصا یہاں کے عوام کے لئے خوش قسمتی کسی سے کم نہیں ہے دفتری اوقات میں موصوف کا دفتر لوگوں سے کھچا کھچ بھرا رہتا ہے موصوف کی عوام دوستی اور عوامی منصوبے کے کام میں ایمانداری سے پیش آنا روز کا معمول ہے ایسے آفیسران ہمارے سر کے تاج ہوتے ہیں نصیر آباد میں اپنے محکمہ کے توسط سے مختلف سڑکیں اور عمارتیں اپنی نگرانی اور کوالٹی سرکاری کاموں بہتری میٹریل کا استعمال معیاری اور دیرپا منصوبے بنا کر تاریخ رقم کی ہے ان کے نگرانی میں جتنے بھی کام پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں ان سے عوام بہتر طریقے سے مستفید ہوتے جا رہے ہیں موصوف نے آج تک عوامی اسکیمات میں بلاوجہ قومی خزانے کے ایک پیسہ بھی ضائع نہیں کیا ہے حکام بالا موصوف کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں ترقی اور اعزازی شیلڈ سے نوازا جائے اور نصیر آباد کے عوام ان کی کارکردگی سے مطمئن ہے

ڈیرہ مراد جمالی، ایس ڈی او بلڈنگ عابد علی دفتری کام سرانجام دے رہے ہیں

بعدالت میرزا بر علی ڈومکی تحصیلدار لہڑی

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمی خیر محمد ولد نبی بخش قوم چناوڑ سکنہ لہڑی وفات پا چکے ہیں مرحوم کی اراضی موضع کوٹور، موضع مراد واہ چناوڑ میں درج ریکارڈ ہے مرحوم کے جائز ورثاء میں دو بیٹے منیر احمد، مولا بخش ہیں اور دو لڑکیاں حکم زادی، تاج بی بی ہیں۔ اب انتقال وراثت درج کرنا مطلوب ہے اگر کسی شخص/ پٹی دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی میں تحریری طور پر پیش ہوں بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 04.03.2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ بختیار آباد

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی ضلع پنجگور

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان زیر دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

کیس نمبر 04/2026 FIR نمبر 60/2025 سرکار بنام:۔ اختر ندیم عرف میجر گہرام ولد لعل بخش ساکن گورجک تحصیل ملئے ضلع آواران (مفرور ملزم)

بجرم زیر دفعہ 353,186,341,342,392,147,148,149, 7ATA ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا ملزم اختر ندیم ولد لعل بخش قوم بلوچ سکنہ گورجک تحصیل ملئے جرم بالا جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مفرور ملزم بالا دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مفرور ملزم مذکورہ کو لازم ہے کہ وہ مورخہ 07-03-2026 کو عدالت ہذا بمقام پنجگور نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں مفرور ملزم کی جانب سے مسٹر شاہجہان بلوچ ایڈووکیٹ کو کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی ضلع پنجگور

PRQ No 4042/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میرزا بر علی ڈومکی تحصیلدار لہڑی

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمی رسول بخش ولد غوث بخش فوت ہوا۔ مرحوم کے جائز ورثاء میں تین بیٹے محمد قاسم، محمد اسلم، رفیق احمد ہیں جبکہ محمد اسلم بھی فوت ہو چکا ہے محمد اسلم ولد رسول بخش کا ایک بیٹا طارق احمد ایک بیوہ تاج بی بی اور دو لڑکیاں عشرت بی بی، مسمات صائمہ ہیں موضع کوٹور، موضع مراد واہ چناوڑ میں اب انتقالات وراثت کرنا مطلوب ہیں اگر کسی شخص/ پٹی دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ تحریری طور پر دفتر زیر دستخطی میں پیش ہوے اشتہار ہذا آج مورخہ 04.03.2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ بختیار آباد

بعدالت جناب اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 95/25 FIR نمبر 71/2025 سرکار بنام:۔ گل زادی وغیرہ

جرم زیر دفعہ 353,341,186,147,148,149,103 ,7 (1) (6) ATA

پولیس تھانہ سریاب کوئٹہ ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) صبیحہ ولد شبیر احمد قوم زہری سکنہ خضدار حال کوئٹہ (2) شیلی دختر محمد عطا قوم بلوچ سکنہ تربت حال کوئٹہ (3) نوشین زوجہ سیف اللہ قوم قمبرانی سکنہ قمبرانی روڈ کوئٹہ (4) جینظیر ولد حاجی محمد زمان قوم بلوچ سکنہ تربت (5) گلزار دوست ولد دوست محمد قوم بلوچ سکنہ تربت (6) ریاض ولد مولا بخش قوم گشکوری سکنہ سبزل روڈ کوئٹہ (7) عمران ولد یار محمد قوم سمالانی سکنہ شاہنواز کوئٹہ (8) صغیر احمد ولد عبدالعلیم قوم مینگل سکنہ سٹیلائٹ ٹاؤن کوئٹہ (9) شعیب احمد ولد یونس قوم قلندرانی سکنہ کڈ کوچہ (10) اختر محمد ولد خدا بخش خان قوم مینگل سکنہ بدو کوئٹہ 353,341,186,147,148,149,103 ,7 (1) (6) ATA جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ بتاریخ 07-03-2026 عدالت ہذا بمقام ATC I کوئٹہ نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

PRQ No 4036/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ذوالفقار علی

ٹھیکیدار طے شدہ معیار نقشہ جات کے مطابق تعمیراتی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں

نصیر آباد + ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان انٹیگرل ڈیولپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع نصیر آباد میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی 14 کروڑ 50 لاکھ روپے کی خطیر لاگت سے 19 ترقیاتی اسکیمات کے اوپن ٹینڈرز پی ایچ ای آفس میں منعقد کیے گئے۔ ٹینڈرز کا عمل ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی سربراہی میں مکمل کیا گیا جبکہ ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای ظفر اقبال زہری نے گورنمنٹ کنٹریکٹرز کی موجودگی میں باقاعدہ طور پر ٹینڈر دستاویزات اوپن کیے۔ اس موقع پر بابو مزمل حسین کورار بھی موجود تھے جبکہ اوپن ٹینڈر کے عمل میں 15 مختلف کنٹریکٹرز نے متعدد اسکیمات میں حصہ لیا۔ ان اسکیمات کا مقصد ضلع کے مختلف علاقوں میں فراہمی آب اور بنیادی سہولیات کے نظام کو بہتر بنانا ہے تاکہ عوام کو صاف پانی اور متعلقہ سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ٹینڈرز کا عمل مکمل شفافیت اور قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیا گیا جسے شرکاء نے سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ذوالفقار علی کرار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹینڈر میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکیداروں پر لازم ہوگا

چاغی، پاک افغان کشیدہ صورتحال پر ابچہ گیٹ بند ہونے کی وجہ سے غیر قانونی سفر کرنے والے قیدیوں سے صدر تھانہ بھرا پڑا ہے

پاک افغان سرحدی گیٹ بند، 387 قیدی دالبندین تھانہ میں بند

روزانہ لاکھوں روپے کے اخراجات، انتظامیہ کو شدید دشواری کا سامنا ہے

دالبندین (نمائندہ مشرق) پاک افغان سرحدی گیٹ بند ہونے کی وجہ سے 387 قیدی دالبندین تھانہ میں بند ہیں، جن پر روزانہ لاکھوں روپے کے اخراجات آرہے ہیں، جس سے انتظامیہ کو شدید دشواری کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک افغان کشیدہ صورتحال کے پیش نظر غیر قانونی طور پر گرفتار کیے گئے 387 افغان شہری اس وقت دالبندین پولیس تھانہ میں بند ہیں۔ ان قیدیوں کو روزمرہ خوراک اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کرنے میں انتظامیہ کو سخت مشکلات درپیش ہیں۔ روزانہ ہزاروں روپے صرف ان کے کھانے پینے پر خرچ ہو رہے ہیں، جبکہ اس مد میں کوئی باقاعدہ بجٹ موجود نہیں ہے۔ ان اخراجات کو کون برداشت کر رہا ہے، اس بارے میں کوئی واضح معلومات نہیں ہیں۔ پاک افغان بارڈر ابچہ کھلنے تک ان افغان مہاجر قیدیوں کو کھانا کون فراہم کرے گا، یہ بھی ایک بڑا سوال ہے۔ ایس ایچ او صدر کے مطابق اب تک پانچ لاکھ روپے سے زائد رقم ان قیدیوں پر خرچ ہو چکی ہے، اور وہ قرض لے کر انہیں کھانا فراہم کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال میں ہمیں بھی شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ اعلیٰ حکام فوری طور پر ان قیدیوں کی سہولیات کا بندوبست کریں، کیونکہ ہمارے پاس اتنے وسائل موجود نہیں کہ ہم ان قیدیوں کی تمام ضروریات پوری کر سکیں۔ یا انہیں ابچہ گیٹ کو کھول کر ڈی پورٹ کریں۔

کوہلو، محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام داخلہ مہم 2026 کی آگاہی ریلی

2638 بچوں کو اسکولوں میں داخل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق، معاشرے کی ترقی کا انحصار معیاری تعلیم پر ہے

کوہلو (نمائندہ مشرق) محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام داخلہ مہم 2026 کے سلسلے میں آگاہی ریلی نکالی گئی، جس کا مقصد ضلع بھر میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکولوں میں داخل کرانا اور تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ نے کی۔ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کیپٹن (ر) کبیر مزاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) کوہلو حفیظ اللہ مری، تمام بوائز ہائی سکولوں کے ہیڈ ماسٹرز، ڈسٹرکٹ سپروائزر بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن محمد یوسف، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم بہرام خان کاکانی، اساتذہ، والدین اور طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر تعلیم کی اہمیت اور روشن مستقبل سے متعلق نعرے درج تھے۔ ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور معاشرے کی ترقی کا انحصار معیاری تعلیم پر ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو لازمی طور پر اسکولوں میں داخل کرائیں اور داخلہ مہم کو کامیاب بنانے میں محکمہ تعلیم کا ساتھ دیں۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال ضلع کوہلو میں 2638 بچوں کو اسکولوں میں داخل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) کوہلو حفیظ اللہ مری نے کہا کہ داخلہ مہم کو گھر گھر مہم کے طور پر چلایا جا رہا ہے، اساتذہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سکول سے باہر بچوں کی نشاندہی کر کے انہیں داخل کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ معیار تعلیم کی بہتری اور حاضری یقینی بنانے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محکمہ تعلیم حکام نے کہا کہ ضلع بھر کے اساتذہ، تعلیمی افسران اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔

بعدالت جناب اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 90/25 FIR نمبر 19/2025 سرکار بنام:۔ لعل خان وغیرہ

جرم زیر دفعہ 341,147,148,188,186,149,185,109,6 (1) ATA

پولیس تھانہ امیر محمد دشتی کوئٹہ ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) لعل خان ولد عبدالغفار قوم کیازئی سکنہ کلی اللہ آباد بروری روڈ کوئٹہ (2) غلام شبیر ولد غلام سرور قوم بلوچ سکنہ نامعلوم (3) ثناء اللہ ولد شیر محمد بلوچ سکنہ کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ بتاریخ 07-03-2026 عدالت ہذا بمقام ATC I کوئٹہ نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

PRQ No 4039/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میرزا بر علی ڈومکی تحصیلدار لہڑی

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمی ہدایت اللہ، مسمی گل محمد پسران غوث بخش قوم چناوڑ فوت ہو چکے ہیں مرحوم ہدایت اللہ کے چار بیٹے غوث بخش، محبوب علی، ارشاد علی، قربان علی اور ایک بیٹی شمشاد بی بی ہیں مسمی غوث بخش عرف گلاب خان بھی وفات پا چکا ہے جس کے جائز وارث دو بیٹے ظفر اللہ، بابر حسین اور پانچ بیٹیاں ثمینہ بی بی، الفت بی بی، نازاں، شاہین بی بی، نسیم بی بی ہیں۔ مسمی گل محمد ولد غوث بخش کے جائز ورثاء میں چار بیٹے شوکت علی، صادق علی، جہانگیر خان، ذوالفقار اور پانچ لڑکیاں مہتاب بی بی، مراداں خاتون، زرینہ، زینت بی بی، سیمراں بی بی ہیں۔ موضع کوٹور موضع مراد واہ چناوڑ بحق جائز ورثاء انتقالات وراثت درج کرنے مطلوب ہیں اگر کسی شخص/ پٹی دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی میں پیش ہوں بصورت دیگر انتقالات وراثت درج ہو کر تصدیق کیے جائیں گے اشتہار ہذا آج مورخہ 04.03.2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ بختیار آباد

بعدالت جناب اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 87/25 FIR نمبر 77/2025 سرکار بنام:۔ ماہ رنگ وغیرہ

جرم زیر دفعہ 353,186,504,506,/B,341 ,147,149,109 ,6 (2) 7 ATA

پولیس تھانہ بروری روڈ کوئٹہ ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) لعل خان ولد عبدالستار سکنہ کوئٹہ (2) ارشاد ولد حاجی شیر جان (3) شعیب ولد عبدالحمید قوم سمالانی سکنہ کوئٹہ (4) محمد عیسیٰ، جاوید ولد رمضان (5) سید نور شاہ کرد سکنہ نوشکی (6) وحید (7) جہانزیب (8) زوہیب اقوام شاہوانی سکنہ کلی کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ بتاریخ 07-03-2026 عدالت ہذا بمقام ATC I کوئٹہ نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

PRQ No 4040/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میرزا بر علی ڈومکی تحصیلدار لہڑی

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ بچہ خان ولد صالح محمد چناوڑ فوت ہو چکا ہے مرحوم کے جائز ورثاء میں ایک بیٹا صالح محمد اور ایک بیٹی مسمات زینب تھے مسمی صالح محمد اور زینب دونوں فوت ہو چکے ہیں صالح محمد کے جائز ورثاء میں دو بیٹے محمد وارث، غلام قادر ہیں مسمی محمد وارث بھی فوت ہو چکے ہیں جس کے جائز ورثاء میں بیوہ وسیحان خاتون، دو بیٹے محمد پناہ، لال محمد اور چار لڑکیاں سلمیٰ، راج بی بی، عاصمہ، تنویر بی بی ہیں مسمات زینب کے جائز ورثاء میں اس کے دو بیٹے بشیر احمد، عبدالرزاق ہیں مسمی بشیر احمد ولد شیر محمد بھی فوت ہو چکا ہے جس کے جائز وارث از روئے شرعی فتویٰ ایک بیوہ امام خاتون اور تین بیٹے سکندر علی، سہراب خان، بچہ خان اور چار لڑکیاں نسیمہ شمس، لاریب بی بی، صوبیہ اور ریحانہ ہیں۔ موضع مراد واہ چناوڑ، موضع کوٹور میں انتقالات وراثت بحق جائز ورثاء کرنے مطلوب ہیں اگر کسی شخص/ پٹی دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی میں تحریری طور پر پیش ہوں بصورت دیگر انتقالات وراثت درج ہو کر تصدیق کیے جائیں گے اشتہار ہذا آج مورخہ 04.03.2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ بختیار آباد

بلوچستان کے سلگتے مسائل اور آگے کا راستہ

تحریر: چوہدری شبیر احمد

بلوچستان ترقیاتی اشاریوں میں باقی صوبوں سے پیچھے کھڑا نظر آتا ہے۔ وسائل کی فراوانی کے باوجود یہاں کے عوام بنیادی سہولیات، روزگار، تعلیم اور صحت جیسی ضروریات کے لیے آج بھی جدوجہد کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال محض اتفاق نہیں بلکہ سیاسی ترجیحات، پالیسیوں کے عدم تسلسل اور گورننس کے بحران کا نتیجہ ہے۔ یہ امر بھی حقیقت ہے کہ بلوچستان کے مسائل یک رخی نہیں۔ ان میں تاریخی محرومیاں، وفاق و صوبائی تعلقات، سیکیورٹی چیلنجز اور مقامی قیادت کی کمزوریاں سب شامل ہیں۔ لہٰذا تعمیری تنقید کے ساتھ تمام سیاسی جماعتوں کے کردار کا کھلا جائزہ لینا وقت کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں قوم پرست سیاست نے ہمیشہ حقوق، خود مختاری اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا نعرہ بلند کیا۔ لیکن جب انہیں اقتدار ملا تو وہ گورننس کے میدان میں خاطر خواہ تبدیلی نہ لا سکیں۔ بیوروکریسی پر گرفت کمزور رہی، ترقیاتی فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی نہ بنایا جا سکا، اور عوامی سطح پر نتائج واضح نہ ہو سکے قوم پرست جماعتیں مزاحمتی بیانیے میں تو مضبوط دکھائی دیتی ہیں، مگر انتظامی اصلاحات اور ادارہ جاتی مضبوطی کے لیے عملی حکمت عملی پیش نہیں کر پاتیں۔ انہیں جذباتی سیاست سے آگے بڑھ کر پالیسی پر مبنی سیاست کی طرف آنا ہوگا۔ مرکزی دھارے کی قومی سیاسی جماعتیں بھی بلوچستان میں برسر اقتدار رہی ہیں مگر افسوس کہ وہ بھی بلوچستان کے سلگتے مسائل کے حل کے لئے عملی پیشرفت نہ کر سکیں ان جماعتوں نے بلوچستان کے لیے بڑے ترقیاتی پیکجز اور اعلانات تو کیے، مگر اکثر منصوبے کاغذوں تک محدود رہے۔ مذہبی اور علاقائی اتحادی جماعتیں بھی صوبائی حکومتوں کا حصہ بنتی رہی ہیں۔ ان کا اثر و رسوخ بعض حلقوں میں مضبوط ہے، مگر پالیسی سازی میں طویل المدتی وژن کمزور دکھائی دیتا ہے۔ انہیں سماجی ہم آہنگی اور تعلیم کے فروغ میں مثبت کردار ادا کرنا چاہیے تھا، مگر اکثر سیاست اتحادوں اور وزارتوں کے گرد گھومتی رہی۔ سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری تھی کہ وہ سی پیک کے منصوبوں میں شفافیت اور مقامی شمولیت کو یقینی بناتیں، مگر اس پہلو پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ سیاسی جماعتیں ماضی کی غلطیوں اور کوتاہیوں سے سبق سیکھتے ہوئے آگے بڑھیں آگے کا ممکنہ راستہ یہ ہو سکتا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں بلوچستان کے لیے کم از کم 10 سالہ متفقہ ترقیاتی ایجنڈا ترتیب دیں، جسے حکومتوں کی تبدیلی متاثر نہ کرے معدنی منصوبوں سے حاصل آمدن کا واضح حصہ مقامی آبادی پر خرچ کیا جائے۔ اختیارات اور فنڈز نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں تاکہ عوامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں۔ ہر ضلع میں معیاری کالج، ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ اور اسپتال قائم کیے جائیں۔ بدامنی کے مسئلے کا حل محض طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ سیاسی مذاکرات اور اعتماد سازی میں ہے بلوچستان کے سلگتے مسائل کسی ایک جماعت کی ناکامی نہیں، بلکہ مجموعی سیاسی رویے کا عکس ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ سیاسی جماعتیں الزام تراشی کے بجائے اجتماعی ذمہ داری قبول کریں۔ اگر قیادت سنجیدگی، دیانت اور مستقل مزاجی کا مظاہرہ کرے تو بلوچستان ترقی خوشحالی اور استحکام کی منزل تک پہنچ سکتا ہے بلوچستان کو نعروں نہیں، عملی اقدامات کی ضرورت ہے اور یہ ذمہ داری سب کی ہے۔

تحصیل خالق آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد 05 مارچ کو ہوگا

قلات (ن ن) ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے مورخہ 05 مارچ 2026 بروز جمعرات بوقت 11.30 بجے دن تحصیل خالق آباد کی سطح پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوگا کھلی کچہری اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد کے دفتر میں منعقد ہوگی۔ اعلامیے کے مطابق علاقے کے معززین سیاسی سماجی رہنماؤں صحافی برادری اور عوام الناس سے گزارش کی گئی ہے کہ 05 مارچ کو ہونے والے کھلی کچہری میں شرکت کریں اور اپنے جائز مسائل بیان کریں تاکہ انکے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ بروقت اقدامات اٹھا سکے۔

سبی، صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی، مرحوم سردار سرفراز خان ڈومکی کے نام سے منسوب الٹرا ساؤنڈ روم کا افتتاح کر رہے ہیں

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔ اور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420390309795 بنام محمد صدام ولد عبدالنواب کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03262015127 پر مطلع کریں

شاہ جی سٹاف ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420397152639 بنام امان اللہ ولد عبدالحق کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03062070231 پر مطلع کریں

شاہ جی سٹاف ....

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Public Model High Schools Initiative for all Districts of Balochistan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Bid Security 3% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost	Tender Fee
1	TSE-252603991363	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS HAJI ZAREEN LOOP DISTRICT BARKHAN BEMIS CODE 7113	18 March, 2026 09:00 AM	10:00 AM	74,405,444	1,500 PKR
2	TSE-252603991143	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS MULLA SHAHO DISTRICT DUKI BEMIS CODE 10263	18 March, 2026 09:15 AM	10:15 AM	74,405,444	1,500 PKR
3	TSE-252603991443	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KILLI BALACH DISTRICT DERA BUGTI BEMIS CODE 8275	18 March, 2026 09:30 AM	10:30 AM	74,405,444	1,500 PKR
4	TSE-252603991453	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KILLI SEYAH GIRRI DISTRICT DERA BUGTI BEMIS CODE 11095	18 March, 2026 09:45 AM	10:45 AM	74,405,444	1,500 PKR
5	TSE-252603991493	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS WAHI RAWMIN DISTRICT JHAL MAGSI BEMIS CODE 12934	18 March, 2026 10:00 AM	11:00 AM	74,405,444	1,500 PKR
6	TSE-252603991543	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS MUSHKAF DISTRICT KACHHI BEMIS CODE 7834	18 March, 2026 10:15 AM	11:15 AM	74,405,444	1,500 PKR
7	TSE-252603991413	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS BEEDI NO.1 DISTRICT AWARAN BEMIS CODE 9947	18 March, 2026 10:30 AM	11:30 AM	74,405,444	1,500 PKR
8	TSE-252603991383	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS SENATOR ISHAQ WARD DISTRICT GWADAR BEMIS CODE 16093	18 March, 2026 10:45 AM	11:45 AM	74,405,444	1,500 PKR
9	TSE-252603991433	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS ZAHOOR ABAD NOKUNDI DISTRICT CHAGHI BEMIS CODE 12968	18 March, 2026 11:00 AM	12:00 PM	74,405,444	15 PKR
10	TSE-252603991373	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KILLI MAHSOOM KHAN DISTRICT CHAMAN BEMIS CODE 1834	18 March, 2026 11:15 AM	12:15 PM	74,405,444	1,500 PKR
11	TSE-252603991213	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS SHINA LASHTA NO 1 GUL HABIB DISTRICT KILLA SAIFULLAH BEMIS CODE 1910	18 March, 2026 11:30 AM	12:30 PM	74,405,444	1,500 PKR
12	TSE-252603991223	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KAZHA KHUDADZAI DISTRICT KILLA SAIFULLAH BEMIS CODE 2027	18 March, 2026 11:45 AM	12:45 PM	74,405,444	1,500 PKR
13	TSE-252603991253	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KAND KASHMI DISTRICT KHUZDAR BEMIS CODE 3548	18 March, 2026 12:00 PM	01:00 PM	74,405,444	1,500 PKR
14	TSE-252603991263	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS KILLI MENGAL ABAD LIZO DISTRICT KHUZDAR BEMIS CODE 12986	18 March, 2026 12:15 PM	01:15 PM	74,405,444	1,500 PKR
15	TSE-252603991273	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBPS JATH KOLWA DISTRICT KECH BEMIS CODE 5912	18 March, 2026 12:30 PM	01:30 PM	74,405,444	1,500 PKR
16	TSE-252603991283	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GGMIDS SALALA BAZAR DISTRICT KECH BEMIS CODE 10205	18 March, 2026 12:45 PM	01:45 PM	74,405,444	1,500 PKR
17	TSE-252603991313	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS GAWAK MAND DISTRICT KECH BEMIS CODE 6049	18 March, 2026 01:00 PM	02:00 PM	74,405,444	1,500 PKR
18	TSE-252603991333	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS MIR ABAD DISTRICT KECH BEMIS CODE 6034	18 March, 2026 01:15 PM	02:15 PM	74,405,444	1,500 PKR
19	TSE-252603991303	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS KOHING KALAT DISTRICT KALAT BEMIS CODE 3265	18 March, 2026 01:30 PM	02:30 PM	74,405,444	1,500 PKR
20	TSE-252603991293	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN GBMIDS HAMEED KULAK DISTRICT KILLA ABDULLAH BEMIS CODE 10095	18 March, 2026 01:45 PM	02:45 PM	74,405,444	1,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252603991413, TSE- 252603991383, TSE-252603991433, TSE-252603991543, TSE-252603991363, TSE-252603991373, TSE-252603991493, TSE-252603991453, TSE-252603991443, TSE-252603991293, TSE-252603991303, TSE-252603991333, TSE-252603991313, TSE-252603991283, TSE-252603991273, TSE-252603991263, TSE-252603991253, TSE-252603991223, TSE-252603991213, TSE-252603991143)

Tender Documents: The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** House No. 48-B Chaman Housing Airport Road, Quetta

Phone no: 0819201841 Email: pd.pmhs@gmail.com

PD
Public Model High Schools Initiative for all Districts of Balochistan

AB No.937/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سابق کپتان سرفراز احمد کو پاکستان ٹیسٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ بنانے کا فیصلہ

تقرری کا باضابطہ اعلان جلد کیا جائے گا، وہ پاکستان کی بنگلادیش کے ساتھ ٹیسٹ سیریز میں ذمے داریوں کا آغاز کریں گے

پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کا عہدہ خالی تھا، اظہر محمود جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں عبوری ہیڈ کوچ تھے، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد کو پاکستان ٹیسٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذمہ دار ذرائع کے سرفراز احمد کی تقرری کا باضابطہ اعلان جلد کیا جائے گا، وہ پاکستان کی بنگلادیش کے ساتھ ٹیسٹ سیریز میں ذمے داریوں کا آغاز کریں گے۔ پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کا عہدہ خالی تھا، اظہر محمود جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں عبوری ہیڈ کوچ تھے۔ پاکستان ٹیم مئی میں بنگلادیش کے خلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلے گی، یہ ٹیسٹ سیریز ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2027ء کا حصہ ہے۔ پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 8 مئی اور دوسرا ٹیسٹ میچ 16 مئی سے شروع ہوگا۔ سرفراز احمد ماضی میں پاکستان کی قیادت کر چکے ہیں اور ان کی کپتانی میں قومی ٹیم نے 2017 کی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اپنے نام کی تھی۔ وہ طویل عرصے تک ٹیم کا حصہ رہے اور ڈریسنگ روم میں مضبوط گرفت اور جارحانہ حکمت عملی کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔

جاپان کی دس مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی سپیڈ سکیٹر میہو تاکاگی کا ریٹائرمنٹ کا اعلان

وہ نیدرلینڈز میں ہونے والی آئندہ عالمی چیمپئن شپ کے بعد کھیل کو خیرباد کہہ دیں گی

ٹوکیو (این این آئی) جاپان کی تاریخ کی سب سے زیادہ اعزاز یافتہ خاتون اولمپئن اور 10 اولمپک تمغے جیتنے والی سپیڈ سکیٹر میہو تاکاگی نے اعلان کیا ہے کہ وہ نیدرلینڈز میں ہونے والی آئندہ عالمی چیمپئن شپ کے بعد کھیل کو خیرباد کہہ دیں گی۔ کیوڈو کے مطابق 31 سالہ میہو تاکاگی اپنے کیریئر کا اختتام جاپان کی کامیاب ترین اولمپک سپیڈ سکیٹر کے طور پر کریں گی۔ عالمی سطح پر وہ مجموعی اولمپک تمغوں کے لحاظ سے صرف نیدرلینڈز کی آئرین ووسٹ کے بعد دوسرے نمبر پر ہیں۔ میہو تاکاگی نے بدھ کو انسٹاگرام پر جاپانی زبان میں لکھا کہ وہ اپنی سکیٹنگ زندگی پر لکیر کھینچ رہی ہیں۔ عالمی سپیڈ سکیٹنگ چیمپئن شپ ہیرن ہین میں جمعرات سے اتوار تک منعقد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وطن واپسی پر وہ اپنے مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کریں گی۔ انگریزی میں اپنے پیغام میں میہو تاکاگی نے لکھا کہ وہ سب کو یاد کریں گی، لیکن اس ماحول میں آخری ریس کھیلنا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہر لمحے سے لطف اندوز ہوں گی اور اختتامی لائن عبور کرنے تک بھرپور مقابلہ کریں گی۔ میہو تاکاگی 1500 میٹر کا عالمی ریکارڈ ایک منٹ 49.83 سیکنڈ کے ساتھ اپنے نام رکھتے ہوئے ریٹائر ہوں گی، جو انہوں نے 2019 میں قائم کیا تھا۔

ہرنائی میں یوم پاکستان اور رمضان اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے سلسلے میں رنگارنگ تقریبات کا آغاز

ہرنائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے ویژن کے تحت ضلع ہرنائی میں یوم پاکستان اور رمضان اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے سلسلے میں رنگارنگ تقریبات کا آغاز کردیا گیا، جس کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا اور کھیلوں کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی ہدایات پر محکمہ اسپورٹس ہرنائی کی جانب سے 23 مارچ یوم پاکستان اور رمضان اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے تحت بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹس کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں اوپننگ سرمنی ایسوسی ایشن کے صدر و سینئر فزیکل ایجوکیشنر فضل الرحمن، ڈگری کالج کے سینئر کلرک قسمت اللہ ترین اور سماجی رہنما سید عمران شاہ نے شرکت کر کے ایونٹ کا باقاعدہ آغاز کیا۔ ڈرا کے انعقاد کے بعد بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس کے افتتاحی میچز کھیلے گئے۔ یہ مقابلے 8 مارچ تک ڈگری کالج ہال میں جاری رہیں گے، جبکہ فائنل تقریب 9 مارچ کو رات 10 بجے منعقد ہوگی۔ محکمہ اسپورٹس بلوچستان کے تعاون سے منعقد ہونے والے اس فیسٹیول کا مقصد ضلع ہرنائی کے کھیلوں سے وابستہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی، نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانا اور انہیں منفی سرگرمیوں سے دور رکھنا ہے۔

ہرنائی، محکمہ اسپورٹس کی جانب سے 23 مارچ یوم پاکستان اور رمضان اسپورٹس فیسٹیول کے تحت بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹس کا افتتاح کردیا گیا ہے

ٹی 20 ورلڈ کپ نیوزی لینڈ کے کھلاڑی سیمی فائنل سے قبل پریکٹس کر رہے ہیں

بنگلادیش سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان، بابر اعظم اور صائم ایوب ڈراپ

شاہین شاہ آفریدی ون ڈے انٹرنیشنل ٹیم کی قیادت جاری رکھیں گے، تین میچوں کی سیریز 11 سے 15 مارچ تک ڈھاکہ میں کھیلی جائے گی

سکواڈ عبدالصمد، ابرار، فہیم، فیصل اکرم، حارث، طلعت، معاذ صداقت، محمد رضوان، صاحبزادہ فرحان، سلمان علی آغا اور شامل حسین پر مشتمل ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے بنگلہ دیش کے ساتھ سیریز کے لیے 15 رکنی ون ڈے انٹرنیشنل سکواڈ کا اعلان کردیا۔ تین میچوں کی سیریز 11 سے 15 مارچ تک ڈھاکا کے شیر بنگلا نیشنل سٹیڈیم میں کھیلی جائے گی۔ شاہین شاہ آفریدی ون ڈے انٹرنیشنل ٹیم کی قیادت جاری رکھیں گے۔ 15 رکنی سکواڈ شاہین شاہ آفریدی (کپتان)، عبدالصمد، ابرار احمد، فہیم اشرف، فیصل اکرم، حارث رؤف، حسین طلعت، معاذ صداقت، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، محمد وسیم جونیئر، محمد غازی غوری (وکٹ کیپر)، سعد مسعود، صاحبزادہ فرحان، سلمان علی آغا اور شامل حسین پر مشتمل ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان ٹیم رواں ماہ بنگلادیش کا دورہ کرے گی، جس میں 3 ون ڈے میچز کھیلے جائیں گے، قومی ون ڈے اسکواڈ 9 مارچ کو ڈھاکا پہنچے گا جبکہ 10 مارچ کو پریکٹس سیشن ہوگا۔ جس کے بعد پہلا ون ڈے انٹرنیشنل میچ 11 مارچ، دوسرا 13 مارچ اور تیسرا ون ڈے انٹرنیشنل میچ 15 مارچ کو کھیلا جائے گا اور یہ تمام میچز شیر بنگلا اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ یاد رہے کہ یہ جولائی 2025 کے بعد پاکستان کا بنگلادیش کا دوسرا دورہ ہوگا، اس سے قبل کھیلی گئی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بنگلادیش نے کامیابی حاصل کی تھی، تاہم مئی اور جون 2025 میں بنگلادیش کے دورہ پاکستان کے دوران قومی ٹیم نے کپتان سلمان علی آغا کی قیادت میں ٹی ٹوئنٹی سیریز 0-3 سے اپنے نام کی تھی۔

سنجاوی میں یوم پاکستان فٹسال ٹورنامنٹ کا آغاز

افتتاحی میچ میں انڈر افغان کلب کی بی ٹی آئی ٹائیگرز کو 0-4 سے شکست

سنجاوی (یو این اے) سنجاوی اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے 23 مارچ یوم پاکستان کی مناسبت سے فٹسال ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے۔ حاجی نور محمد دومڑ فٹسال گراؤنڈ میں کھیلے جا رہے اس ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں انڈر افغان فٹسال کلب اور بی ٹی آئی ٹائیگرز کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا، جس میں انڈر افغان کلب نے 2 کے مقابلے میں 4 گول سے فتح حاصل کی۔ میچ کے دوران شائقین کی بڑی تعداد نے گراؤنڈ کا رخ کیا اور کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی پر انہیں بھرپور داد دی۔ ٹورنامنٹ کے منتظمین کا کہنا ہے کہ اس ایونٹ کے انعقاد کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا اور انہیں منشیات جیسی سماجی برائیوں سے دور رکھنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھیلوں کے ذریعے نہ صرف صحت مند معاشرہ تشکیل پاتا ہے بلکہ مقامی ٹیلنٹ کو بھی اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع ملتا ہے۔ ٹورنامنٹ کے اگلے مراحل میں مزید دلچسپ مقابلے متوقع ہیں جبکہ فائنل میچ 23 مارچ کو یوم پاکستان کے پروقار موقع پر کھیلا جائے گا۔

پی ایس ایل میں واپسی، جنوبی پنجاب کو اپنی آواز دوبارہ مل گئی، علی ترین

میری زندگی کے اس باب نے مجھے کچھ قابل فخر ترین لمحات دیئے پی ایس ایل میں شمولیت پر ردعمل

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں ملتان سلطانز کی واپسی پر سلطانز کے سابق مالک علی ترین کا ردعمل سامنے آگیا۔ علی ترین نے سوشل میڈیا پر اپنی پوسٹ میں کہا کہ ملتان سلطانز کے ساتھ سات برس گزارنے کے بعد میں نے یہ سفر بغیر کسی پچھتاوے کے ختم کیا۔ میری زندگی کے اس باب نے مجھے میرے کچھ قابل فخر ترین لمحات دیئے اور میں اس کے لیے ہمیشہ شکر گزار رہوں گا۔ وہ واحد لمحہ جس نے مجھے واقعی متاثر کیا وہ ملتان کو پی ایس ایل سے نکالنا تھا۔ یہ بہت تکلیف دہ تھا، جنوبی پنجاب ہمیشہ کم نمائندگی کا شکار رہا ہے۔ یہاں کے لوگ پرجوش، باصلاحیت ہیں اور ہر اس پلیٹ فارم کے حق دار ہیں جو انہیں مل سکتا ہے۔ ملتان سلطانز محض ایک کرکٹ ٹیم نہیں تھی، بلکہ ایک ایسے پورے خطے کی شان اور پہچان کی علامت تھی جسے طویل عرصے سے نظرانداز کیا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ گوہر شاہ کا شکر گزار ہے کہ انہوں نے جنوبی پنجاب کے لوگوں کے لیے آواز اٹھائی اور ملتان سلطانز کو پاکستان سپر لیگ میں واپس لائے۔ شہر کو اپنی ٹیم دوبارہ مل گئی ہے، اور جنوبی پنجاب کو اپنی آواز دوبارہ مل گئی ہے۔ واضح رہے کہ اوزیڈ ڈیولپرز نے سیالکوٹ اسٹالینز کی فرنچائز 10 سال کے لیے 185 کروڑ روپے میں حاصل کی تھی

ٹی 20 ورلڈ کپ بھارتی ٹیم کا انوکھا فیصلہ، چاند گرہن، پریکٹس منسوخ

پریکٹس 1 گھنٹہ تاخیر سے شروع کی جس کی وجہ ٹیم کے بعض ارکان کی جانب سے اسے نحوست سے جوڑنا بتایا گیا ہے

کپتان سوریہ کمار یادیو، ابھیشیک شرما اور ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے مختلف شہروں میں مندروں کے دورے بھی کیے، رپورٹ

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی ٹیم کی توہم پرستی کی ایک اور مثال سامنے آگئی آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے سیمی فائنل سے قبل بھارتی کرکٹ ٹیم نے چاند گرہن کے باعث اپنی پریکٹس 1 گھنٹہ تاخیر سے شروع کی جس کی وجہ ٹیم کے بعض ارکان کی جانب سے اسے نحوست سے جوڑنا بتایا گیا ہے، جس پر سوشل میڈیا پر طرح طرح کے تبصرے کیے جا رہے ہیں۔ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان اہم سیمی فائنل جمعرات کو ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، میچ سے قبل منگل کو ٹیم کی پریکٹس شام 6 بجے مقرر تھی تاہم اسے بڑھا کر 6 بج کر 47 منٹ کر دیا گیا۔

پی سی بی نے نیشنل ٹی 20 کپ کے شیڈول اور اسکواڈز کا اعلان کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نیشنل ٹی 20 کپ کے شیڈول اور اسکواڈز کا اعلان کردیا۔ پی سی بی اعلامیے کے مطابق 23 میچز پر مشتمل ٹورنامنٹ 7 سے 18 مارچ تک پشاور میں کھیلا جائے گا، ٹورنامنٹ میں 10 ریجنل ٹیموں کو 2 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق گروپ اے میں لاہور وائٹس، پشاور، فیصل آباد، کراچی وائٹس اور بہاولپور شامل، گروپ بی دفاعی چیمپئن لاہور بلوز، سیالکوٹ، ملتان، ایبٹ آباد اور کراچی بلوز پر مشتمل ہے۔

ورلڈ کپ ہاکی کوالیفائر راؤنڈ؛ پاکستان نے تیسرے میچ میں آسٹریا کو شکست دیدی

پاکستان کی جانب سے ابوبکر محمود نے دو، افراز محمد سفیان خان نے ایک ایک گول سکور کیا

قاہرہ (این این آئی) قومی ہاکی ٹیم کم تا 7 مارچ تک کھیلے جانے والے ایف آئی ایچ مینز ورلڈ کپ کوالیفائر راؤنڈ کے تیسرے میچ میں پاکستان نے آسٹریا کو دو کے مقابلے میں چار گول سے شکست دیدی۔ پاکستان کی جانب سے ابوبکر محمود نے دو، افراز محمد سفیان خان نے ایک ایک گول سکور کیا۔ جبکہ آسٹریا کی جانب سے کیلز اور اسکواٹز نے ایک ایک گول سکور کیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی، ایڈھاک گورننس اینڈ منیجمنٹ چیئرمین اولمپیئن اصلاح الدین صدیقی، اولمپیئن حسن سردار، چیف سلیکٹر سمیع اللہ خان نے ورلڈ کپ کوالیفائر راؤنڈ کی ناقابل شکست کامیابی پر قومی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے اور سیمی فائنل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

فیفا ورلڈ کپ، آغاز میں 100 دن باقی، ایونٹ کے آفیشل پوسٹر کی رونمائی

پوسٹر کا ڈیزائن فٹ بال کی دنیا کو متحد کرنے کی طاقت اور تینوں ممالک کے باہمی اشتراک کی عکاسی کرتا ہے

نیویارک (این این آئی) فٹ بال کی عالمی تنظیم فیفا نے ورلڈ کپ 2026 کے آغاز سے 100 دن قبل ٹورنامنٹ کا آفیشل پوسٹر جاری کردیا ہے، جس میں میزبان ممالک کینیڈا، میکسیکو اور امریکہ کی ثقافت اور تخلیقی کارناموں کو نمایاں کیا گیا ہے۔ یہ پوسٹر فیفا ورلڈ کپ 2026 پوسٹر کلیکشن کا آخری اور سب سے اہم حصہ ہے، جو گزشتہ سال جاری کیے گئے 16 میزبان شہروں کے پوسٹرز کی تکمیل کرتا ہے۔ اس کی تیاری میں تاریخ میں پہلی بار تین مختلف ممالک کے فنکاروں، کارسن ٹنگ (کینیڈا)، منروا جی ایم (میکسیکو) اور چینگ ولیس تھامس (امریکہ) نے مل کر کام کیا ہے۔ پوسٹر کا ڈیزائن فٹ بال کی دنیا کو متحد کرنے کی طاقت اور تینوں ممالک کے باہمی اشتراک کی عکاسی کرتا ہے۔ فیفا کے صدر جیانی انفینٹینو نے اس موقع پر کہا کہ آج سے ٹھیک 100 دن بعد فیفا دنیا بھر کا شمالی امریکہ میں استقبال کرے گا۔ یہ آفیشل پوسٹر اس توانائی اور تنوع کو ظاہر کرتا ہے جو اس ٹورنامنٹ کو تاریخ کا سب سے جامع ایڈیشن بنائے گا۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 11 جون کو میکسیکو سٹی سٹیڈیم سے ہوگا، جبکہ فائنل 19 جولائی کو نیویارک نیوجرسی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ اس بار ریکارڈ 104 میچز منعقد ہوں گے۔ اب تک 42 ٹیمیں ٹورنامنٹ کے لیے کوالیفائی کر چکی ہیں، جن میں اردن، ازبکستان، کیپ ورڈے اور کوراؤ پہلی بار شرکت کریں گی۔ بقیہ 6 ٹیموں کا فیصلہ رواں ماہ (23 تا 31 مارچ) پلے آف میچز کے ذریعے ہو جائے گا۔ فٹ بال شائقین کے لیے ٹکٹوں کی فروخت کا لاسٹ منٹ سیلز مرحلہ اپریل میں شروع ہوگا۔

میڈرڈ، ریئل میڈرڈ سی ایف کے خلاف ہسپانوی لیگ میچ کے دوران گیتافے کے یوراگوئین فارورڈ مارٹن ستیانو گول کر رہے ہیں

ٹی ٹوئنٹی رینکنگ صاحبزادہ فرحان اور ابرار احمد پہلی پوزیشن پر قبضے کے نزدیک

جاری کردہ تازہ رینکنگ کے مطابق بلے بازوں میں صاحبزادہ فرحان ایک درجے ترقی پاکر دوسری پوزیشن پر آگئے ہیں

صائم ایوب اور بابر اعظم ایک ایک درجے تنزلی سے بالترتیب 35 ویں اور 37 ویں پوزیشن پر چلے گئے ہیں ابرار تیسری پوزیشن پر پہنچ گئے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بلے باز صاحبزادہ فرحان اور مسٹری اسپنر ابرار احمد ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں پہلی پوزیشن پر قبضے کے نزدیک پہنچ گئے ہیں۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے جاری کردہ تازہ رینکنگ کے مطابق بلے بازوں میں صاحبزادہ فرحان ایک درجے ترقی پاکر دوسری پوزیشن پر آگئے ہیں۔ صائم ایوب اور بابر اعظم ایک ایک درجے تنزلی سے بالترتیب 35 ویں اور 37 ویں پوزیشن پر چلے گئے ہیں۔ بولرز میں ابرار احمد دو درجے ترقی پاکر تیسری پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔ محمد نواز کی 12 ویں پوزیشن بدستور برقرار ہے جبکہ سلمان مرزا تین درجے تنزلی سے 21 ویں نمبر پر چلے گئے۔

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے شاہین آفریدی اور سلمان آغا کی ملاقاتیں

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی ٹیموں کے کپتان شاہین آفریدی اور سلمان آغا نے ملاقاتیں کی ہیں۔ ذرائع کے مطابق سلمان علی آغا نے چیئرمین پی سی بی کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان ٹیم کی کارکردگی سے متعلق آگاہ کیا۔ سلمان علی آغا نے خود کو کپتان برقرار رکھنے یا نہ رکھنے کا اختیار بھی چیئرمین کو دے دیا۔ ذرائع کے مطابق ون ڈے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے بھی چیئرمین پی سی بی سے ملاقات کی ہے۔

انجینئر زمرک اچکزئی کے فنڈز سے ٹیوب ویل کا افتتاح

تقریب میں قبائلی عمائدین اور پارٹی کے ضلعی صدر و دیگر نے شرکت کی

گلستان (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی کے خصوصی فنڈ سے ٹیوب ویل کی تنصیب اور افتتاح کی پُروقار تقریب منعقد ہوئی۔ اس منصوبے کی نگرانی ملک امین اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ نے کی، جن کی کاوشوں سے علاقے کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی۔ تقریب میں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر جہانگیر شاہ کاکڑ، سینئر رہنما حاجی امین اللہ امین، ملک عنایت اللہ کاکڑ، حاجی حنیف اور دیگر عمائدین نے شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر ٹیوب ویل کا افتتاح کیا جبکہ اس موقع پر پارٹی کارکنان اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ انہوں نے انجینئر زمرک خان اچکزئی کی عوام دوستی اور علاقائی مسائل کے حل میں خصوصی دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ عوام کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے، جس سے نہ صرف پینے کے صاف پانی کی فراہمی ممکن ہوگی بلکہ روزمرہ زندگی میں آسانی بھی پیدا ہوگی۔

ڈیرہ مراد جمالی، صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول خان عمرانی، سردارزادہ دینار خان ڈومکی سے ان کی نانی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاک فوج سے اظہار یکجہتی ریلی، شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت

پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سیف الدین کھوسہ

صحبت پور (نامہ نگار) افواج پاکستان کی جانب سے افغانستان میں جاری آپریشن غضب الحق کے حوالے سے ضلع صحبت پور کی عوام کی جانب سے اظہار یکجہتی کے طور پر ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں مزدور یونین، ہندو کمیونٹی، سول سوسائٹی، صحافی برادری، سرکاری آفیسران و ملازمین اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جس پر پاکستان اور پاک افواج کے حق میں نعرے درج تھے۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی اور جلسے میں تبدیل ہوگئی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ، مزدور یونین نصیر آباد کے ڈویژنل صدر محمد اقبال عباسی و دیگر نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اور ملکی سلامتی، استحکام اور مکمل دفاع کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے سینہ سپر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ آپریشن غضب الحق ملکی امن و استحکام کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ ریلی کا اختتام ملک کی دنیا بھر میں سربلندی، امن واستحکام اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے مانگی گئی خصوصی دعا سے کیا گیا۔

سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، میر شوکت

قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے سابق امیدوار رکن صوبائی اسمبلی نصیرآباد معروف قبائلی شخصیت میر شوکت جان ہنگلزئی نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں خرم ایجنسی وزیرستان میں دشمن کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے نوجوان لیفٹیننٹ عصمت اللہ ہنگلزئی کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان لیفٹیننٹ عصمت اللہ ہنگلزئی نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرکے قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی اور پوری قوم اپنے اس بہادر سپوت کی مقروض ہے میر شوکت جان ہنگلزئی نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی سلامتی اور بقا واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

بعدالت تحصیلدار بندوبست کوئٹہ ریجن

نوٹس آخری تصدیق

ہرگاہ کہ زیر دفعہ 26/118 مالگزاری ایکٹ 1967 بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بذریعہ اشتہار موضع السعادات تحصیل سریاب ضلع کوئٹہ کی آخری تصدیق مورخہ 3/3/2026 رکھا گیا تھا بعد ازاں چند وجوہات کی وجہ سے عارضی طور پر ملتوی کیا گیا اور اب آخری تصدیق بتاریخ 12 مارچ 2026 بمقام شالکوٹ پولیس تھانہ پر ہوگی لہذا مقررہ تاریخ و مقام پر اپنے ثبوت و اثبات شخصی یا سندی اصالتاً یا وکالتاً ہمراہ لائیں بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج یہ نوٹس بتاریخ 4/3/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62846

ژوب میں شجرکاری مہم 2026: این سی ایچ ڈی کی کاوش، ہزاروں پودے عوام میں تقسیم

ژوب (پ ر) شعبہ رضاکاریت این سی ایچ ڈی کے زیر اہتمام شجرکاری مہم 2026 زور و شور سے جاری ہے۔ ہزاروں پودے عوام اور رضاکاروں میں تقسیم کیے گئے تاکہ شہر اور گرد و نواح کو سرسبز و شاداب بنایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ، محکمہ جنگلات اور محکمہ زراعت نے مہم میں بھرپور تعاون فراہم کیا۔ شیخ محمد اشرف خان، مندوخیل انچارج شعبہ رضاکاریت این سی ایچ ڈی ژوب نے کہا کہ اس مہم کا مقصد عوام میں شجرکاری کے فوائد کے بارے میں شعور بیدار کرنا اور زیادہ سے زیادہ درخت لگانے کی ترغیب دینا ہے۔ انہوں نے شہریوں اور رضاکاروں کی شراکت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات صاف ماحول، بہتر آب و ہوا اور صحت مند معاشرے کے قیام میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بلوچستان کے نوجوان پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، میر صدام

اوستہ محمد (نامہ نگار) معروف قبائلی شخصیت سیاسی و سماجی رہنما نوجوان قیادت حاجی میر صدام حسین عمرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان ملک کی سلامتی اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور کسی قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے پاک فوج کی حمایت میں اوستہ محمد سمیت بلوچستان بھر میں عوام سیلاب کی طرح سڑکوں پر نکل آئے ان خیالات کا اظہار حاجی میر صدام حسین عمرانی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی غیور عوام محب وطن ہے ملک کی سلامتی اور پاک فوج کی شان کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

سبی، صوبائی وزیر سردار میر کوہیار خان ڈومکی صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

ڈی سی کی زیر صدارت پرانے فوڈ گودام کی نیلامی کے حوالے سے اجلاس

دستیاب میٹریل اور سامان کا باقاعدہ معائنہ اور تصدیق کریں گے، خالد خان

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت پرانے فوڈ گودام کے ڈھانچے کی نیلامی اور اراضی کے آئندہ استعمال سے متعلق قائم کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ارسلان چوہدری، ایگزیکٹو انجینئر بی اینڈ آر کے نمائندے، سب ڈویژنل آفیسر محمد صدیق زہری اور محکمہ خوراک کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈیرہ اللہ یار میں واقع پرانے فوڈ گودام کے اسٹرکچر کو مسمار کرتے، قابل استعمال سامان کی فہرست سازی اور شفاف نیلامی کے لیے ضروری انتظامات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مذکورہ اراضی کو عوامی مفاد میں بروئے کار لاتے ہوئے وہاں جدید سبزی منڈی کے قیام کی تجویز زیر غور ہے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ نیلامی کے عمل سے قبل متعلقہ حکام سائٹ کا دورہ کر کے دستیاب میٹریل اور سامان کا باقاعدہ معائنہ اور تصدیق کریں گے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ آکشن کے ذریعے پرانے سامان کی فروخت کے لیے باقاعدہ ٹینڈرز طلب کرنے کا اشتہار جاری کیا جائے گا اور تمام قانونی و ضابطہ جاتی تقاضے مکمل کیے جائیں گے۔ ٹینڈرنگ کے عمل کی اصولی منظوری دیتے ہوئے شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ نیلامی کا تمام مرحلہ شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے پرانے فوڈ گودام کی اراضی کو مفید منصوبے کے لیے استعمال میں لائے گی، تاہم اس سے قبل گودام کے پرانے سامان اور میٹریل کی فروخت کے تمام قانونی تقاضے پورے کرنا ناگزیر ہے

خضدار، پولیس انتظامیہ کا غریب ریڑھی والوں کا جینا حرام کردیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، تجاوزات کے نام پر پولیس انتظامیہ غریب ریڑھی والوں کا جینا حرام کردیا ہے، رمضان المبارک جیسے مقدس اور بابرکت مہینے میں جب ہر طرف ہمدردی، رحم اور خیرخواہی کا درس دیا جاتا ہے دوسری جانب تجاوزات کے نام پر غریب محنت کش طبقے کے خلاف مبینہ پولیس اہلکاروں کی کارروائیاں ان کے زندگی اجیرن بنادی ہے نچلے درجے کے چھوٹے کاروباری افراد جو دن بھر محنت کرکے صرف اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا بمشکل انتظام کرتے ہیں آج سخت مشکلات کا شکار ہو کر بے یار و مددگار اللہ پاک کے آسرے پر ہیں خضدار پولیس اہلکاروں کا رویہ ریڑھی بانوں کے ساتھ درست نہیں خضدار میں بمشکل سے ریڑھی والے 500 سے 700 روپے یومیہ کماتے ہیں، اور اسی معمولی آمدنی سے اپنے اہل خانہ کے لیے افطاری کا سامان تک مہیا کرتے ہیں۔ ایسے میں اگر ان کا روزگار بھی ان سے چھین لیا جائے تو ان کے لیے زندگی کسی عذاب سے کم نہیں ہوگا عوامی و سیاسی حلقوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ شہر میں بڑے تجاوزات کرنے والوں کے خلاف کارروائی کم نظر آتے ہیں جبکہ غریب ریڑھی بانوں کے خلاف پولیس اہلکار سختی کو اپنا فرض سمجھتے ہے انہوں نے کہا متعلقہ پولیس اہلکاروں کا رویہ نہ صرف قابل افسوس ہے بلکہ انسانی ہمدردی کے اصولوں کے بھی خلاف ہے رمضان المبارک میں ایسے اقدامات غریبوں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہیں۔

صحت مند معاشرہ ہی مضبوط قوم کی بنیاد ہوتا ہے، ڈاکٹر بشیر

گندگی اور ناقص صفائی کئی خطرناک بیماریوں کو جنم دیتی ہے، گفتگو

کوئٹہ (پ ر) صحت مند معاشرہ ہی مضبوط قوم کی بنیاد ہوتا ہے۔ بلوچستان میں منشیات کی لعنت کے خاتمے کے لیے جہاں علاج اور بحالی ضروری ہے، وہیں صاف ستھرا ماحول بھی انسانی صحت کے لیے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر بشیر احمد نے نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیر اہتمام صحت و صفائی سے متعلق آگاہی مہم کے آغاز کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس مہم کا مقصد منشیات سے متاثرہ افراد کی بحالی کے ساتھ ساتھ معاشرے میں صفائی ستھرائی اور صحت عامہ کے شعور کو فروغ دینا ہے۔ سوسائٹی کی جانب سے مختلف علاقوں میں صفائی مہم، آگاہی سیمینارز کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو حفظان صحت کے اصولوں سے روشناس کرایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ گندگی اور ناقص صفائی کئی خطرناک بیماریوں کو جنم دیتی ہے، جن میں ہیضہ، ڈینگی اور دیگر متعدی امراض شامل ہیں۔ ان بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے کہ عوام ذاتی اور اجتماعی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ ڈاکٹر بشیر احمد کے مطابق نجات سوسائٹی نہ صرف منشیات کے عادی افراد کا جدید طریقہ علاج فراہم کررہی ہے بلکہ انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانے کے لیے فنی تربیت بھی دے رہی ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی، سردارزادہ حاجی ممتاز علی خان عمرانی کا جھنڈ ریونیو جوان اتحاد کے صدر ڈاکٹر قائم موسیانی و دیگر کے گروپ فوٹو

بعدالت جناب اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 94/25 FIR نمبر 72/2025 سرکار بنام گل زادی وغیرہ

جرم زیر دفعہ 341,427,147,148,149,353, 186,153 A, ATA

پولیس تھانہ سریاب کوئٹہ — ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) صبیحہ ولد شبیر احمد قوم زہری سکنہ خضدار حال کوئٹہ (2) شبلی دختر محمد عطا قوم بلوچ سکنہ تربت حال کوئٹہ (3) نوشین زوجہ سیف اللہ قوم قمبرانی سکنہ قمبرانی روڈ کوئٹہ (4) مینگیر ولد حاجی محمد زمان قوم بلوچ سکنہ تربت (5) گلزار دوست ولد دوست محمد قوم بلوچ سکنہ تربت (6) ریاض ولد مولا بخش قوم گشکوری سکنہ سبزل روڈ کوئٹہ (7) عرفان اللہ ولد حبیب الرحمن قوم سرپرہ سکنہ سریاب روڈ کوئٹہ (8) محمد زکریا ولد عبدالرزاق قوم کرد سکنہ کسٹم کوئٹہ (9) امین اللہ ولد اشرف علی قوم مستوئی سکنہ حال کوئٹہ (10) لیاقت علی ولد اللہ بخش قوم محمد حسنی سکنہ کوئٹہ (11) واحد ولد داد محمد قوم مینگل سکنہ کراچی کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بمطابق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ بتاریخ 07-03-2026 عدالت ہذا بمقام ATC I کوئٹہ نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

PRQ No4035/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب شیر علی کاکڑ سول جج باختیار ڈسٹرکٹ جج بارکھان

درخواست جانشینی نمبر 2/2026 تاریخ پیشی 13/3/2026

1۔ تاج خاتون بیوہ گل محمد 2۔ نور بی بی بیوہ گل محمد 3۔ محمد زاہد 4۔ محمد طاہر 5۔ محمد زوہیب 6۔ محمد ایوب 7۔ محمد یعقوب 8۔ محمد قیوم 9۔ محمد ساجدہ 10۔ محمد عابد پسران گل محمد مرحوم 11۔ کمیرہ بی بی دختر گل محمد مرحوم 12۔ بی بی شرینہ دختر گل محمد مرحوم اقوام حسنی ساکنان رڑکن ضلع بارکھان بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا سائلان نے عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 13/3/2026 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ مقررہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 2/3/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62845

TENDER NOTICE

The Lasbela Industrial Estates Development Authority invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252603991932 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee 2000/-

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Management and Business Professionals and Administrative Services (**Total Item(s) Count: 7**)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 7 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.8 Million in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan The firm must be registered with the respective provincial Bar Council or Pakistan Bar Council as legal entity and having valid licence. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **30th March, 2026** till **12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM on EPPS System Address:** Nazar Chorangi, HITE, Hub, District Lasbela, Balochistan

Phone no: 0853303361 **Email:** info@lieda.gov.pk

Managing Director
Lasbela Industrial Estates Development Authority

AB No.939/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Provincial Library Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252603991691 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee 500 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 3)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in- eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **19 March, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **19 March, 2026** till **10:15 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:15 AM Address:** Quetta

Phone no: 0819201146 **Fax no:** 0812826515
Email: qa4157@gmail.com

Senior Librarian
Provincial library Balochistan

PRQ No.4021/04-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 ایئربیس تباہ

بلاک جبکہ 696 سے زائد زخمی ہوئے۔ پاک افواج نے افغان طالبان رجیم کی 226 چیک پوسٹس تباہ کیں اور 35 کو قبضے میں لے لیا گیا ہے، جبکہ افغان طالبان رجیم کے 198 ٹینک، اسلحہ بردار گاڑیاں اور آرٹلری گنز تباہ کر دی گئی ہیں۔ عطا اللہ تارڑ کے مطابق افغانستان میں 56 مقامات کو فضائی کارروائی میں موثر طور پر نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ آپریشن غضب للحق کے دوران پاکستان نے افغانستان کے اہم ترین بگرام ایئربیس کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کے حملے میں بگرام ایئربیس کا ایک ایئرکرافٹ ہینگر اور دو ویئر ہاؤسز تباہ ہوئے جبکہ اس حوالے سے سیٹلائٹ تصاویر بھی سامنے آ گئی ہیں۔ آپریشن غضب للحق کے تحت پاک افغان سرحد پر افغان طالبان، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف پاک فوج کی موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے 50 مختلف مقامات پر افغان طالبان، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا۔ پاک فوج کی جانب سے 3 اور 4 مارچ کی درمیانی شب بھاری ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے کارروائیاں کی گئیں۔ پاک فوج نے قلعہ سیف اللہ سمیت چمن، سپازرہ، کھڑ وانہ، جانی اور غزنالی سیکٹر پر موثر کارروائیاں کیں۔ ان مقامات کو سرحد پار سے دہشت گردی کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ ان کارروائیوں کے دوران افغان طالبان، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کو بھاری جانی و مالی نقصان کی اطلاعات ہیں۔ پاک فوج افغان طالبان کی جارحیت کے خلاف ملکی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔ آپریشن غضب للحق کے تحت کارروائیاں طے شدہ اہداف کے مکمل حصول تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 2 فیلڈ مارشل

فیلڈ مارشل کا پرتپاک استقبال کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق دورے کے آغاز پر فیلڈ مارشل نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور مادر وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں پاکستان کی سلامتی اور استحکام کی بنیاد ہیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل کو ...

نے تمام عالمی قوانین اور اخلاقی ضابطوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک اور دھمکی دے دی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے آیت اللہ خامنہ ای کے بعد ان کے جانشینوں کو قتل کرنے کی دھمکی دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ آیت اللہ علی خامنہ ای کے بعد جو بھی شخص ایران کی قیادت سنبھالے گا اسے بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ یسرائیل کاٹز کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نیتن یاہو نے بھی اسرائیلی فوج کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایران کی نئی قیادت کے خلاف کارروائی کے لیے تیار رہیں۔ ان کے بقول اسرائیل ایران کے خلاف اپنی حکمت عملی میں کسی قسم کی نرمی نہیں برتے گا۔ امریکا کے ساتھ مل کر ایرانی حکومت کے خلاف آپریشن جاری رکھیں گے۔ اسرائیلی وزیر دفاع نے دعویٰ کیا کہ اسرائیل ایران کی عسکری اور اسٹریٹیجک صلاحیتوں کو کمزور کرنے کے لیے مربوط اقدامات کر رہا ہے۔ یاد رہے کہ دو روز قبل اسرائیل نے ایک ایک زیر زمین بنکر کو فضائی حملے میں تباہ کر دیا تھا جس میں آیت اللہ خامنہ ای اپنے اہل خانہ کے ساتھ موجود تھے۔ حملے کے وقت ایرانی سپریم لیڈر اہم سیکیورٹی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں وزیر دفاع، آرمی چیف، مشیر قومی سلامتی اور پاسداران انقلاب کے سربراہ شریک تھی۔ اسرائیلی حملے میں آیت اللہ خامنہ ای، اہلیہ، خاندان کے دیگر افراد اور اجلاس میں شامل تمام شخصیات شہید ہو گئی تھیں۔ ایران کے نئے سپریم لیڈر کے انتخاب کا عمل ابھی ہونا ہے جس کے لیے مضبوط ترین امیدواروں میں آیت اللہ کے بیٹے مجتبیٰ خامنہ ای بھی شامل ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہر صورت آبنائے ہرمز کھلوانے کا اعلان کر دیا۔ ایک بیان میں امریکی صدر نے کہا کہ وہ ہر صورت آبنائے ہرمز کھلوائیں گے، نہ صرف وہاں سے گزرنے والے کمرشل بحری جہازوں کی انشورنس کی جائے گی بلکہ ضرورت پڑنے پر ان کمرشل جہازوں کی حفاظت کیلئے امریکی نیوی ساتھ جائے گی۔ دوسری جانب ایران کے پاسداران انقلاب نے خبردار کیا کہ آبنائے ہرمز مکمل بند ہے، کسی جہاز نے گزرنے کی کوشش کی تو اسے راکھ میں بدل دیا جائے گا۔ ایران نے لبنان میں ایرانی سفارتخانے پر حملے کے جواب میں دنیا بھر میں اسرائیلی سفارتخانوں پر حملوں کا اعلان کر دیا۔ ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ اگر اسرائیل نے بیروت میں ایرانی سفارت خانے پر حملہ کیا تو پوری دنیا میں اسرائیلی سفارت خانوں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اسرائیلی حملوں کے باوجود ایران نے کسی بھی ملک میں اس کے سفارت خانوں کو نشانہ نہیں بنایا۔ اسرائیل ...

موثر ساینلوں اور مکمل کٹس کی فراہمی سے ان کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی اور دور دراز علاقوں تک با آسانی رسائی حاصل کر سکیں گے۔ اس اقدام سے جانوروں کی ویکسینیشن، علاج معالجہ اور بیماریوں کی بروقت تشخیص ممکن ہو سکے گی، جس سے مال مویشیوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ الف اے او کی جانب سے لائیو اسٹاک سیکٹر کی بہتری کے لیے مسلسل معاونت ...

اسلام کے معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی سمجھا جا رہا ہے۔ آج دنیا میں مسلمان کو محکوم اور مغلوب بنا کر غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کر رہے ہیں دنیا میں سوا ارب آزاد مسلمان سیاسی، معاشی استحصال کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ 44 زرین مگسی

عوام کیلئے کھلے ہیں جس میں پارکنگ و مکمل عوامی خدمت ...

ٹیلی ہیلتھ سہولت خواتین کو انکی دہلیز پر فراہم کرینگے، چیف سیکرٹری

بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں ٹیلی ہیلتھ کلینکس نے گائناکالوجی، پیڈیاٹرکس اور ڈرماٹولوجی جیسی خدمات کو آسان بنایا

ملک بھر کے دور دراز علاقوں کی خواتین اس سہولت سے مستفیض ہو رہی ہیں، شکیل قادر خان کا اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ٹیلی ہیلتھ کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوام کو صحت کی بنیادی بہترین سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم خان صوبائی ایپکس کمیٹی کے 21ویں اجلاس میں شہدا کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ کا اپنے اسٹاف آفیسر کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

... ایک ناقابل تلافی نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے سید امین اور ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

افغان مہاجرین کے نام پر تاجروں کو ہراساں کرنا بند کیا جائے

صوبے میں بزنس کمیونٹی کیساتھ امتیازی سلوک کی اجازت نہیں دینگے، حاجی ایوب مریانی

محض زبان یا لباس کی بنیاد پر کسی کو گرفتار کرنا ناقابل قبول اور قانون کی روح کے منافی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ و دیگر عہدیداروں نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں افغان مہاجرین کے نام پر تاجروں کے خلاف مبینہ پولیس کارروائیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امتیازی سلوک کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پولیس کی جانب سے افغان مہاجرین کے نام پر شناختی کارڈز اور دیگر قانونی دستاویزات رکھنے والے تاجروں...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سے 320 افراد گبد۔ریمدان بارڈر کے راستے وطن آئے

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر ایران سے پاکستانی شہریوں کی بحفاظت وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا، گبد۔ریمدان بارڈر کے راستے 320 سے زائد افراد کو محفوظ طریقے سے پاکستان پہنچا کر ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے ٹرانسپورٹ، خوراک اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے بعد مختلف شہروں کی طرف روانہ کر دیا گیا ہے۔

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے وفد کی ایرانی قونصل خانہ آمد و فاتحہ خوانی

وفد نے سپریم لیڈر سید علی خامنہ ای اور انکے رفقاء کی شہادت پر اظہار تعزیت کی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پارٹی وفد نے ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی تو شکی سے قونصل جنرل ایران کوئٹہ جا کر ملاقات کی اور سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور ان کے رفقاء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ پارٹی وفد میں مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نظام عسکر، حفیظ ترین، پشتونخوا ایس او کے زونل آرگنائزر وارث افغان، ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری یار محمد بریال اور...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

میر صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی کے رہنما نورالدین کاکڑ اور دیگر کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے بدھ کو انکے دفتر میں پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سابق صدر نورالدین کاکڑ کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں صوبائی رہنما اختر بلوچ، شاہزیب کاسی، ظفر خان اور دیگر شامل تھے۔ ملاقات کے دوران صوبے میں پارٹی کی فعالیت، ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

کراچی سمیت ملک بھر کے لیے بجلی مہنگی کر دی گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی سمیت ملک بھر کے لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی کر دی گئی۔ صارفین پر 8 ارب 67 کروڑ روپے سے زائد کا بوجھ ڈالنے کے لیے بجلی 35 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ اطلاق مارچ سے مئی 2026 کے 3 ماہ کے لیے ہوگا۔ اس سلسلے میں نیپرا نے بجلی مہنگی کرنے کا فیصلہ وفاقی حکومت کو بھیج دیا ہے۔

ڈی جی پی آر عسکر خان کے پی آئیز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکہ، اسرائیل اور بھارت عالمی دہشتگرد ہیں، سیاسی و مذہبی رہنما

ایران و فلسطین پر وحشیانہ طاقت کا استعمال بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے انسانی حقوق کی علمدار تنظیمیں گونگی بہری ہو چکی ہیں، داؤد شاہ کاکڑ

اسلامی ممالک پر ظلم اور جبر کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اگر ایران تنہا لڑ رہا ہے تو کہ ہماری باری بھی آ سکتی ہے، میر یونس عزیز زہری

کوئٹہ (اے این این) سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت کا نہ صرف گٹھ جوڑ ہے بلکہ یہ عالمی دہشت گرد ہیں ایران فلسطین پر وحشیانہ طاقت کا استعمال بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے انسانی حقوق کی علمدار تنظیمیں گونگے بہرے ہو چکے ہیں اور امریکہ کی غلام بن چکے ہیں اسلامی ممالک پر ظلم اور جبر کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی آج اگر ایران تنہا لڑ رہا ہے تو کہ ہماری باری بھی ہو سکتی ہے مسلم قوتوں کو چاہیے کہ وہ ایران کا ساتھ دیں اسرائیل اور امریکہ جیسے دہشتگردانہ فعل اور سوچ رکھنے والوں...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان ٹیلی ہیلتھ سہولت کی فراہمی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یوم شہادت حضرت علیؓ کے اجتماعات کی سیکورٹی یقینی بنائی جائے، کمشنر کوئٹہ

کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت یوم علیؓ کے اجتماعات کی سیکورٹی سے متعلق اجلاس متعلقہ حکام اور سول سوسائٹی نمائندوں کی شرکت

اجلاس میں یوم شہادت حضرت علیؓ پر ہونے والی مجالس و جلوسوں کے اوقات، روٹس، سیکورٹی انتظامات اور دیگر انتظامی امور پر غور و خوض کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت شیعہ علماء کانفرنس اور شیعہ انجمن کے نمائندگان کا ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں 9 اور 11 مارچ کو یوم شہادت حضرت علیؓ کے موقع پر منعقد ہونے والی مجالس اور جلوسوں کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں میراللہ بادینی، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ محمد آصف سمیت شیعہ علماء کانفرنس اور شیعہ انجمن کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران یوم شہادت حضرت علیؓ کے سلسلے میں منعقد ہونے والی مجالس، جلوسوں کے اوقات، مقررہ روٹس، سیکورٹی انتظامات اور...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

میر علی حسن زہری پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر مقرر

نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری مجاز اتھارٹی کی منظوری سے عمل میں آئی ہے

تقرری کا مقصد بلوچستان میں پارٹی کی تنظیمی ساخت کو مزید فعال بنانا ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نے میر علی حسن زہری کو بلوچستان کا سینئر نائب صدر مقرر کر دیا ہے۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق، میر علی حسن زہری کی یہ تقرری مجاز اتھارٹی (Competent Authority) کی منظوری سے عمل میں آئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ میر علی حسن زہری فوری...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: زائد قیمت وصول کرنے پر 51 دکاندار گرفتار، 45 جیل منتقل

گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور عوامی استحصال کی اجازت نہیں دی جائے گی، انتظامیہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گرانفروشوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن بھرپور انداز میں جاری ہے۔ عوام کو ماہ مقدس میں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخنامے کے مطابق یقینی بنانے کے لیے مختلف...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ٹی گریجویٹس کیلئے نیشنل اسکل کمپی ٹینسی ٹیسٹ کے انعقاد کا اعلان

مقصد ملکی آئی ٹی افرادی قوت کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو عالمی معیار کے مطابق پرکھنا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پاکستان نے آئی ٹی گریجویٹس کے لیے نیشنل اسکل کمپی ٹینسی ٹیسٹ کے انعقاد کا اعلان کیا ہے، جو کہ تعلیمی نتائج کو عالمی ٹیکنالوجی کے شعبے کے جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کے لیے ایک انقلابی قدم ہے۔ وزیر اعظم پاکستان کی ہدایات کے تحت شروع کیا جانے والا یہ منصوبہ وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ اور پاشا (P@SHA) کے اشتراک...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے حاجی نورالدین کاکڑ، اختر بلوچ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

جمعیت حماس کو غیر مسلح کرنیکی ہر سازش کو مسترد کرتی ہے، مولانا عبدالواسع

قائد جمعیت واضح کر چکے ہیں کہ "ٹرمپ اور نیتن یاہو کے نام نہاد 'بورڈ آف پیس' سے امن کی توقع رکھنا احمقوں کی جنت میں رہنا ہے

امریکہ انسانی حقوق کا چیمپئن نہیں، عالمی دہشت گردی کا سرپرست ہے، جو خود انسانیت کے قاتل ہیں، وہ امن کے ضامن نہیں ہو سکتے

غزہ میں نسل کشی اور اب جنگ کا دائرہ پورے مشرق وسطیٰ تک پھیلانا در اصل صیہونی ریاست اور اس کے سرپرست امریکہ کی منظم سازش ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ خطے کی صورتحال انتہائی تشویشناک رخ اختیار کر چکی ہے، جہاں اسرائیل اور امریکہ نے ایران پر براہ راست حملے کر کے عالمی امن کو آگ لگا دی ہے۔ انہوں نے کہا...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ شفیق مینگل صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کے موقع پر پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر رہے ہیں

عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، عمر احمد زئی

تمام دیہی و دور دراز علاقوں تک بہبود آبادی کی سہولیات بڑھائی جائیں

سیکرٹری بہبود آبادی نے محکمانہ کارکردگی، درپیش چیلنجز اور جاری منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے بہبود آبادی پرنس آغا عمر جان احمد زئی سے بدھ کے روز سیکرٹری بہبود آبادی ظفر علی بلیدی نے ملاقات کی، جس میں محکمہ کی مجموعی کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صوبے میں جاری بہبود آبادی پروگرامز، خاندانی منصوبہ بندی کی سہولیات، آگاہی مہمات اور سروس ڈیلیوری کے نظام کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری بہبود آبادی نے محکمانہ کارکردگی، درپیش چیلنجز اور جاری منصوبوں...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سے تفتان کے راستے ایل پی جی کی ترسیل میں نمایاں کمی

کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمت تیس سے چالیس روپے فی کلو بڑھا دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) ایران پر اسرائیل اور امریکہ کے حملوں کے بعد ایران سے تفتان کے راستے ایل پی جی کی ترسیل میں نمایاں کمی، کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمت تیس سے چالیس روپے فی کلو بڑھا دی گئی ایل پی جی امپورٹر کا کہنا ہے کہ اگر سپلائی کی صورتحال یہی رہی تو ایل پی جی کی قلت پیدا ہو سکتی ہے تفتان میں ایل پی جی منگوانے والے تاجروں کا کہنا ہے کہ ایران سے پہلے یومیہ 100 سے 120 ایل پی جی باوزرز آتے تھے، جنگ کی صورتحال کے بعد 20 سے...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں تیل اور گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں تیل اور گیس کا ایک اور بڑا ذخیرہ دریافت ہو گیا۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں تیل و گیس کے شعبے میں نئے سال کا سب سے بڑا ذخیرہ دریافت ہو گیا۔

شہدا کی قربانیاں فراموش نہیں کی جا سکتیں، قومی پیغام امن کمیٹی

شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے بلوچستان آئے، جن ماؤں نے بہادر سپوت پیدا کیے انہیں سلام پیش کرتے ہیں

شہدائے پولیس کے خاندانوں کی کفالت حکومت اور محکمہ پولیس بہتر طور پر کر رہا ہے، گفتگو، شہداء کے لواحقین سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) علامہ طاہر اشرفی کی قیادت میں قومی پیغام امن کمیٹی کے وفد نے آج بروز بدھ سنٹرل پولیس آفس میں شہداء پولیس بلوچستان کے خاندانوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پولیس آغا محمد یوسف اور اے آئی جی ویلفیئر فریال فرید بھی موجود تھے۔ قومی پیغام امن کمیٹی کے وفد نے کہا کہ شہداء پولیس نے صوبے میں قیام امن اور ملکی استحکام اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے بڑی تباہی سے بچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم قوم کے عظیم سپوتوں سلام پیش کرتے ہیں اور ان کی عوام کے تحفظ کے لیے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

شاہد رند اور شیخ عبدالرزاق کا سید امین کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند اور پریس سیکرٹری شیخ عبدالرزاق نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اسٹاف افسر سید امین کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ والد کا انتقال ایک ناقابل تلافی نقصان ہے اور اس صدمے کی تلافی ممکن نہیں۔ انہوں نے سید امین اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

برتھ رجسٹریشن کا نظام بچوں کے تحفظ کیلئے ضروری ہے، سیکرٹری بلدیات

یہ نظام گڈ گورننس اور عوامی خدمات کی بہتری میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے

پیدائش کے بروقت اندراج سے بچوں کے قانونی حقوق کا تحفظ ممکن بنایا جا سکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ کی زیر صدارت برتھ نوٹیفکیشن ٹول ٹریننگ ماڈیول اور مجوزہ ٹریننگ پلان کے حوالے سے کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی ثناء اللہ قریشی، UNICEF بلوچستان کی چائلڈ پروٹیکشن آفیسر نابیہ، عبدالحئی بس (ایڈوکیٹ) ممبر این سی آر سی (سید عباس شاہ) فوکل پرسن سید آر ایم ایس (عباس ملک) ڈپٹی سیکرٹری محکمہ مذہبی امور (داؤد محمد) اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا (محمد ابراہیم) ڈپٹی سیکرٹری محکمہ صحت (کے علاوہ محکمہ بلدیات...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

میر یونس عزیز زہری نے ٹیچنگ ہسپتال خضدار کا دورہ کیا

مختلف شعبہ جات و طبی یونٹس کا معائنہ کیا، مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا

خضدار (خ ن) قائد حزب اختلاف رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری نے ٹیچنگ ہسپتال خضدار کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر نسیم لانگو بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران وفد نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بشمول ایمرجنسی وارڈ، آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ (او پی ڈی)، میڈیکل اور سرجیکل وارڈز، لیبارٹری اور دیگر طبی یونٹس کا معائنہ کیا۔ مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ادویات کی دستیابی، طبی آلات کی کارکردگی اور صفائی و...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جانوں کا نذرانہ دینے والے شہدا قومی ہیرو ہیں، لیاقت لہڑی

لیفٹیننٹ عصمت اللہ کی قربانی کو ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کرم ایجنسی (وزیرستان) کے حملے میں شہید ہونے والے لیفٹیننٹ عصمت اللہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کے دفاع اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہدا ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی قربانیوں کو ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی نے کرم ایجنسی)...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

قرآنی نظام کے نفاذ سے امن و ترقی آ سکتی ہے، مولانا قاری مہراللہ

سودی نظام کے باعث ملک و قوم اللہ اور رسول سے حالت جنگ میں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا خدائے نظر آغا، ابراہیم شاہ، حاجی نادر خان اچکزئی، مولانا محمد ابراہیم، مولانا رحمت اللہ حقانی و دیگر نے کہا کہ سودی نظام کے باعث ملک و قوم اللہ اور رسول سے اعلان جنگ میں ہے ملک میں قرآنی نظام کی نفاذ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

فنکاروں کے مسائل سے آگاہ اور حل کرنے کیلئے سنجیدہ ہیں، زرین مگسی

میرے دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں، بلا امتیاز عوامی خدمت پر یقین رکھتا ہوں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سیاحت، ثقافت و آثار قدیمہ نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے آرٹسٹوں سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آرٹسٹوں اور فنکاروں کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں ہماری کوشش ہوگی کہ ترجیحی بنیادوں پر ان کے مسائل حل کر دیا جائے انہوں نے کہا کہ میرے دروازے ہمیشہ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی بی کی روک تھام کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہے ہیں، بخت محمد کاکڑ

تمام اضلاع میں اسی سال ٹی بی کی تشخیص کیلئے سینٹر قائم کرنے پر غور کر رہے ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ ٹی بی کی روک تھام کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لایا جا رہا ہے صوبے کے تمام اضلاع میں اس سال ٹی بی کی تشخیص کیلئے سینٹر قائم کرنے پر غور کر رہے ہیں کیونکہ ہر سال جب بھی موسم بدلتی ہے تو یہ بیماری سینکڑوں کی تعداد میں اضافہ ہوتی جاری ہے جس کے باعث اکثر مریضوں کے اموات واقع ہو جاتے ہیں صوبائی حکومت فوری طور پر ان کی روک تھام کیلئے کوشاں ہے یہ بات...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل: ٹریفک حادثہ ایک شخص ہلاک اور 3 زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اوتھل کے علاقے مکران کوسٹل ہائی وے پر مزدا ٹرک اور کار میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 3 زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اوتھل میں مکران کوسٹل ہائی نا کی کے مقام تیز رفتار کار اور مزدا ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص اللہ بخش موقع پر جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہو گئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

چاغی: مزید 8 افغان مہاجرین گرفتار

چاغی (این این آئی) چاغی پولیس نے غیر قانونی نقل و حرکت کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مزید 8 افغان مہاجرین کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار افراد غیر قانونی طور پر پاکستان کے راستے یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ یہ کارروائی ایس پی چاغی کی ہدایت پر متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او سٹی دالبندین عبدالوحید بلوچ کی قیادت میں عمل میں لائی گئی۔ ملزمان کے خلاف فارن ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

فلائٹ آپریشن تاحال متاثر، لاہور ایئر پورٹ پر 35 پروازیں منسوخ

لاہور (بیورو رپورٹ) مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے باعث فلائٹ آپریشن تاحال متاثر ہے، گزشتہ روز بھی لاہور ایئر پورٹ پر 35 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ لاہور سے ابوظہبی جانے والی ایئر سیال کی پرواز پی ایف 796 ہوگی، دبئی جانے والی ایئر بلیو کی پرواز پی اے 410، دوحہ جانے والی قطر ایئر کی پرواز کیو آر 621 جانے والی جزیرہ ایئر ہے نائن 502، دبئی سے لاہور آنے والی ایمریٹس کی پرواز ای کے 623، کویت جانے والی کویت ایئرویز کے یو 202 منسوخ کر دی گئیں۔

پاکستان میں فی تولہ سونا 10 ہزار روپے سستا ہو گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) ملکی و بین الاقوامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمتوں میں پھر بڑی کمی دیکھی جا رہی ہے۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق پاکستان میں فی تولہ سونا 10000 روپے سستا ہو کر 539962 روپے پر آ گیا۔

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان شیعہ علما کانفرنس و دیگر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تعلیم، ہنر اور روزگار دینے والے بلوچستان کے محسن ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار، طلبا کو معیاری تعلیم دینے، تاجروں کو تجارت کے مواقع دینے کی ضرورت ہے

بلوچستان میں جبر، لاقانونیت، طاقت کے استعمال اور فوجی آپریشنز سے نفرت، تعصب اور دوریوں میں اضافہ ہوا ہے

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار، طلبا کو معیاری تعلیم دینے، تاجروں کو تجارت کے مواقع دینے اور جبر گمشدگی ختم لاپتہ افراد کو بازیاب کرنے کی ضرورت ہے بلوچستان میں جبر، لاقانونیت طاقت کے استعمال، فوجی آپریشنز سے نفرت، تعصب دوریاں احساس محرومی اور ظلم، ناخواندگی، غربت میں اضافہ ہوا ہے تعلیم، ہنر، روزگار دینے والے بلوچستان کے محسن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد سے ملاقات کی۔ قبل ازیں امیر جماعت اسلامی بلوچستان...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

باجوڑ: بدان پولیس پوسٹ پر فائرنگ، اے ایس آئی شہید

پشاور (بیورو رپورٹ) باجوڑ کی تحصیل واڑہ ماموند میں بدان پولیس پوسٹ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اے ایس آئی دولت خان شہید ہو گئے۔ ڈی پی او خالد خان کے مطابق فائرنگ کے واقعے کے بعد علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے تاکہ ملزمان کو گرفتار کیا جا سکے۔

نثار باز کا نام ای سی ایل میں ڈالنا ناقابل قبول ہے، زمرک خان اچکزئی

کسی مقدمے میں نامزد نہ ہونے کے باوجود نام ڈالنا عوامی نمائندگی کی توہین ہے

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے اے این پی کے رکن اسمبلی نثار باز کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی قربانیوں کی جماعت ہے جمہوری نظام میں منتخب عوامی نمائندوں کے وقار اور آئینی حقوق کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے۔ ایک بیان جاری کرتے ہوئے کیا انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ رکن اسمبلی نثار باز کا نام ای سی ایل میں ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے وہ ایک منتخب رکن اسمبلی ہے اور کسی بھی مقدمے میں نامزد نہیں ہے بغیر کسی مقدمے میں نامزد نہ ہونے پر نام ڈالنا نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ عوامی نمائندگی کی توہین بھی ہے...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے، حاجی محمد خان لہڑی

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی سے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں نصیر آباد سمیت صوبے کے دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود اور معتبرین نے ملاقات کی اور اپنے مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ صوبے کے ہر کونے سے آنے والے شہریوں کے مسائل کو سننا اور ان کا حل نکالنا اپنا فرض سمجھتے ہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں شفافیت اور سہولت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں تاکہ عوام کو دفاتر کے غیر ضروری چکر نہ لگانے پڑیں انہوں نے...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

قیام امن کیلئے پولیس اپنی ذمہ داری بطریق احسن نبھا رہی ہے، آئی جی

پولیس کے 1115 آفیسران اور جوانوں نے قیام امن کو یقینی بنانے اور عوام کے تحفظ کیلئے خون کے نذرانے پیش کیے، محمد طاہر

دہشت گردی کی وجہ سے پورا خطہ اور بلوچستان متاثر ہوا، پولیس قیام امن کے لئے دستیاب وسائل کے مطابق بھرپور کردار ادا کر رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ...... 1115 آفیسران اور جوانوں نے ...... علامہ طاہر اشرفی کی سربراہی میں قومی پیغام امن کمیٹی ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی الیکشن کمشنر اصغر سیال پی بی 36 پر ری پولنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کے وافر ذخائر موجود ہیں: اوگرا

کراچی (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) ...... ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کے وافر ذخائر موجود ہیں ...... سرکاری ...... ہیں۔

کوئٹہ شہر کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

فضائی آلودگی اور صفائی کی بدترین صورتحال شہریوں کے لیے وبال جان بن چکی ہے

غیر معیاری اور سست رفتار ترقیاتی کاموں سے شہری زندگی اجیرن ہوئی ہے، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کو دانستہ طور پر کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ شہر بھر میں جاری غیر معیاری اور سست رفتار ترقیاتی کاموں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جگہ جگہ سڑکوں کی...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے سنجیدہ ہے، میر سلیم کھوسہ

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، وزیر مواصلات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان میں سڑکوں اور عوامی انفراسٹرکچر کی بہتری کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ عوام کو محفوظ، معیاری اور تیز رفتار سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان کا وسیع رقبہ اور دور دراز علاقے موثر مواصلاتی نظام کے متقاضی ہیں۔ حکومت نے رواں مالی سال میں اربوں روپے کی لاگت سے مختلف شاہراہوں...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈیشنل آئی جی پولیس آغا محمد یوسف امن کمیٹی کے نمائندوں کے ہمراہ یادگار شہداء پر حاضری کے بعد دعا کر رہے ہیں

لائیوسٹاک کے شعبے کی بہتری کیلئے انقلابی اقدامات اٹھا رہے ہیں، فیصل جمالی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا وژن ہے کہ صوبے کے اہم ترین شعبے لائیوسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے تاکہ دیہی معیشت کو مستحکم بنایا جا سکے

بلوچستان ایک وسیع رقبے پر مشتمل صوبہ ہے جہاں مال مویشی پالنا لاکھوں افراد کا ذریعہ معاش ہے، اس لیے اس شعبے کی ترقی ناگزیر ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ فیصل جمالی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے تحت اور FAO کے تعاون سے صوبے میں لائیوسٹاک کے شعبے کی بہتری کے لیے انقلابی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج یہاں ایف اے او کے زیر اہتمام لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کے فیلڈ اسٹاف میں فل کٹ موٹر سائیکلوں کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری لائیو سٹاک طیب لہڑی ڈی جی صاحبان اور ایف اے او کے نمائندوں نے شرکت کی...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان سیکرٹری لائیوسٹاک طیب لہڑی و دیگر موٹر سائیکلوں کی حوالگی کی تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کو شہید کرنے کی مذمت کرتے ہیں، خوشحال کاکڑ

ہم امریکہ اور اتحادیوں کی جانب سے ایرانی لیڈر آیت اللہ علی خامنائی کی شہادت کے افسوسناک واقعے کی مذمت کرتے ہیں

ایسے اقدامات عالمی سطح پر کشیدگی، عدم اعتماد اور تصادم کے امکانات کو بڑھاتے ہیں، جس کے نتائج نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی جانب سے اسلامی جمہوریہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنائی کی شہادت کے افسوسناک واقعے کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ یہ واقعہ نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے امن، استحکام اور بین الاقوامی توازن کے لیے انتہائی تشویشناک اور خطرناک پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی خودمختار ریاست کی قیادت کو اس انداز میں نشانہ بنانا بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کے چارٹر، ریاستی...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس قیام امن کیلئے کوشاں ہے، ڈی آئی جی کوئٹہ

عوامی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے عیدالفطر کے موقع پر بازار میں رش کو مدنظر رکھ کر سیکورٹی انتظامات اور ٹریفک کی روانی کو بحال رکھنے کے لئے اضافی نفری اور موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی: نو سالہ بچی کیساتھ ریپ کا ملزم گرفتار

ملزم ثاقب ولد یار محمد کو واپڈا کالونی سے گرفتار کیا گیا، ایس ایس پی

لورالائی (خ ن) ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد ایس ڈی پی او کریم مندوخیل، ایس ایچ او شریف موسیٰ خیل کے ہمراہ ایس ایس پی آفس لورالائی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پچھلی رات لورالائی میں اندوہناک اور ظالمانہ کارروائی کی اطلاع موصول ہوئی کہ ایک معصوم 08/09 سالہ بچی بی بی فاطمہ کیساتھ ایک شخص نے ریپ کر کے اسے زخمی کیا تھا پولیس نے بچی کو فیملی کیساتھ بچی کو ہسپتال منتقل کر کے انکے میڈیکل چیک اپ کی اور بچی کے...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مالی سال 2026-27 کیلئے Q-WASA کا بجٹ متفقہ طور پر منظور

10 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس، پنشن میں 7 فیصد اضافے کی ایکس پوسٹ فیکٹو منظوری

کوئٹہ (خ ن) واسا کوئٹہ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اہم اجلاس صوبائی وزیر و چیئرمین بورڈ سردار عبدالرحمن کھیتران کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مالی سال 2026-27 کے بجٹ سمیت ادارے کی مجموعی کارکردگی اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے لیے Q-WASA کا بجٹ متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ بورڈ نے واسا ملازمین کے لیے 10 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس کی منظوری دی، جبکہ پنشن میں 7 فیصد اضافے کی ایکس پوسٹ فیکٹو منظوری بھی دی گئی۔ افسران و اہلکاروں کی ترقیوں سے متعلق...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران واسا بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

برادر اسلامی ممالک پاک افغان جنگ رکوانے میں کردار ادا کریں، جمعیت نظریاتی

جنگ کسی ملک کے مفاد میں نہیں، آخر کار یہ مسئلہ مذاکرات کی میز پر ہی حل ہونا ہے، تو آج ہی حل کیا جائے، مولانا عبدالقادر لونی

پاکستان اور افغانستان باہمی عقیدے، تاریخ، زبان، ثقافت اور دوستی کے اٹوٹ رشتوں کی لاج رکھیں، مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیق الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن شکیل صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز اللہ شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ برادر اسلامی ممالک پاک افغان جنگ کو ختم کرنے میں رول ادا کرے یہ جنگ کسی...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر